اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ

عملیات تسخیر جنات

اس کتاب میں جنّ، بھوت، ہمزاد حاضرات مؤکلین وغیرہ کی تسخیر کے لئے آسان عمل پیش کئے گئے ہیں نیز خاص خاص امراض کے روحانی علاج بتائے گئے ہیں۔

خاص طور پر بدارواح، بھوت، پلید اور چڑیل ڈائنوں سے بچنے کی تدابیر بیان کی گئی ہیں۔

Presented By: https://jafrilibrary.com/

ملنے کا
نیوسلور بک ایجنسی
۱۲ محمد علی بلڈنگ، بھنڈی بازار، بمبئی ۳

Presented By: https://jafrilibrary.com/

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

سخنِ اوّلین

الحمد للہ! اس معبودِ حقیقی کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ یہ کتاب الموسوم بہ "عملیات تسخیر جنات" زیورِ طباعت سے مرصع ہو کر اربابِ شوق کے ہاتھوں میں ہے۔ اور چونکہ تجربہ بہترین کسوٹی ہے اس لئے یہ تو عامل کو بعد عمل معلوم ہوگا کہ ان درج شدہ عملیات میں تجربات کی کس قدر تعداد شامل ہے۔

چونکہ خاکسار کے اُستاد محترم ایک بہترین عامل تھے۔ لہٰذا انھوں نے کمترین کو ازراہِ کرم اپنے آزمودہ عملیات کی کچھ تعداد مرحمت فرما دی تھی۔ اور خدا کے فضل و کرم اور استاد کے فیضانِ کرم سے اس عملیات کو حرف بحرف درست پایا تو یہ خیال دل میں جاگزیں ہوا کہ کیوں نہ عملیات کے اس بیش بہا خزینہ کو کتابی شکل میں شائع کر دیا جائے تاکہ عوام الناس بھی اس دریائے فیض سے فیضیاب ہوں۔

اس دَور میں جب کہ مسلمانوں پر ایک طرح کا جمود طاری ہے اُردو اور خصوصاً دینی پبلشنگ ادارے بڑے نازک حالات سے دوچار ہیں۔ احقر کا یہ ارادہ ایک امرِ محال تھا مگر خدا نے مدد کی۔ میں نے اپنے اس نیک ارادے کا ذکر جناب سید محمد حسین صاحب سے کیا تو انھوں نے تمام دشواریوں کے باوجود میری ندا پر لبیک کہا۔ اور ان کی مساعی جمیلہ کا یہ نتیجہ ہے کہ کتاب آپ کے سامنے ہے۔ فیض اُٹھایئے۔ اور مجھ عاجز کے حق میں دعائے خیر فرمایئے۔

جنات بھی خدائے تعالےٰ کی خاص مخلوق ہیں

جس طرح انسان اور دوسرے تمام جاندار خداوند کریم کی مخلوق ہیں اسی طرح جنات بھی خداوند کریم کی مخلوق ہیں۔ اُن میں اور انسان میں یہ فرق ہے کہ انسان مٹی سے بنا ہوا ہے۔ اور یہ آگ سے پیدا کئے گئے ہیں۔

معتبر کتابوں میں مذکور ہے کہ خداوند کریم نے جب زمین و آسمان پیدا کئے سے بھی سوا لاکھ سال قبل ایک مخصوص آگ پیدا کی تھی اس آگ میں جو روشنی تھی وہ انتہائی شفاف اور خوبصورت تھی۔ اللہ پاک نے اس روشنی سے فرشتے پیدا کئے اور اس آگ سے جنات کی تخلیق کی۔ فرشتوں اور جنات میں صرف اسی قدر فرق ہے کہ فرشتے نور سے پیدا ہوئے ہیں۔ اس لئے ان کے دل معصوم ہیں اور وہ کسی طرح سے بھی آلودہ نہیں ہیں۔ اُن کے دل میں کسی طرح کی بُرائی کا خیال پیدا نہیں ہوتا اور نہ ہی وہ حاجت بشری کے حامل ہیں۔

جنات جو آگ سے پیدا ہوئے ہیں اس لئے ان کے دلوں میں سرکشی اور فاسدانہ خیالات کو بھی دخل ہے۔ نیز خواہشات نفسانی میں یہ انسانوں سے بھی آگے ہیں۔ لالچ، حرص، حسد، رشک، شہوتِ نفس، بغض و کینہ ان کے اندر انسان سے بھی زیادہ ہے۔

برخلاف اس کے فرشتے نہایت معصوم اور بزرگ ہیں۔ اس لئے خداوند کریم نے نظامِ قدرت چلانے کی ذمہ داریاں فرشتوں کو تفویض کر دی ہیں گویا فرشتے خدا کے کارخانے کے کارندے ہیں

کرتے ہیں۔ آگ ونور سے پیدا شدہ مخلوق یعنی فرشتے اور جنات وغیرہ مادے کے لحاظ سے جسم لطیف کے مالک ہیں۔ لطیف کے معنی یا مطلب یہ ہے کہ انسان کی طرح کثیف نہیں ہیں۔ وہ اس قدر قوت کے مالک ہیں کہ جس شکل میں چاہیں خود کو منتقل کر سکتے ہیں۔ اور جہاں چاہیں آن واحد میں آجا سکتے ہیں۔ اور بوقت ضرورت انسانی جسم میں داخل ہو سکتے ہیں۔ اور انسان کے دل میں نیک یا بد خیال پیدا کر سکتے ہیں۔

ان کی مثال و بنیادی طور پر اس طرح دی جا سکتی ہے کہ جیسے بجلی کا کرنٹ آپ بجلی کی کوئی مقدار پکڑ کر نہیں دکھا سکتے کہ بھئی پاؤ بھر بجلی یہ رہی۔ مگر اس اَن دیکھی طاقت کا کرشمہ جب ہم دیکھتے ہیں کہ اسی بجلی سے بڑی بڑی بھاری بھرکم مشینیں چلتی ہیں اور بجلی شئے لطیف ہے۔ بہر حال جنات بھی انسان کی طرح اللہ پاک کی خاص مخلوق ہیں اور خداوند عالم نے جنات کا تذکرہ "سورۂ جن" میں بڑی تفصیل سے فرمایا ہے۔

جنات کی قوم سے ہی شیاطین پیدا ہوتے ہیں

ابھی اوپر بیان ہوا کہ آگ سے پیدا ہونے والی دو لطیف جسم والی مخلوق میں فرشتوں کو نور سے معمور کر دیا گیا اور جنات کو آگ کی کثافت سے تمام نفسانی خصلتوں کا مجموعہ قرار دیا گیا تو فطری خصلت کے عین مطابق جنات قادر حقیقی سے سرکش ہو گئے اور اسی کا نتیجہ یہ ہوا کہ ابلیس جو پہلے ایک مقرب و خاص بندہ تھا۔ حضرت آدمؑ کو سجدہ کرنے سے انکار کر بیٹھا۔ اللہ پاک کے حکم سے

برگشتگی اس کے لیے دوامی ذلت و خواری کا پیغام ثابت ہوئی اور وہ نسل انسانی کا دشمن ازلی بن گیا۔ جس طرح انسان کی افزائش نسل کا سلسلہ جاری ہے اسی طرح قوم جنات کے اس شعبہ (شیاطین) کی نسل بھی بتدریج بڑھ رہی ہے۔ اور یہ قوم شیاطین پوری طرح انسان کو بہکانے اور غلط راستے پر لے جانے کی کوشش میں لگی ہوئی ہے۔ چنانچہ روئے زمین پر اس وقت جس قدر بھی کفر و شرک بدعت و جہالت و گناہ کے راستے ہیں یہ سب شیطان ہی کے بتائے ہوئے ہیں۔

چونکہ اس مختصر کتاب میں اس قدر گنجائش نہیں کہ جنات اور شیاطین کے بارے میں مفصل باتیں بتائی جائیں۔ اس لئے جنات کے بارے میں تفصیل سے ساری کیفیت معلوم کرنے کے لیے دیکھئے "شیطان و جنات کے خوفناک حالات"۔

ویسے یہ سمجھ لینا چاہیے کہ جنات ایک خفی مخلوق ہیں اور انسانوں کی طرح ان میں بھی نیک اور بد فطرت والے ہیں اور جیسا کہ عرض کیا جا چکا کہ وہ انسان کی طرح سے ہی ہر طرح کے خواہشات کے مالک ہیں۔ اسی لئے ان کے یہاں بھی حکومت ہے۔ ان کی عورتیں بھی ہوتی ہیں۔ شادیاں بھی ہوتی ہیں۔ غرض کہ لوازمات دنیاوی میں کوئی کام ایسا نہیں جس سے جنات بچا ہوں۔ مگر ان کی بستیاں، ان کے کارنامے ہمیں دکھائی نہیں پڑتے۔ جنات زیادہ تر جنگلوں اور ویران بستیوں میں اپنا اڈا بناتے ہیں۔ اور کچھ قوتوں میں ان میں سے شریر قسم کے جن انسانوں کو تنگ کرنے لگتے ہیں

مثلاً کسی حسین وجمیل عورت پر عاشق ہو جاتے ہیں اور اسے اپنی نفسانی خواہشات کا شکار بنالیتے ہیں۔ اس وقت دنیا یہ سمجھتی ہے کہ یہ عورت پاگل ہوگئی ہے، یا بیمار ہے۔ بہر حال چونکہ انسان اشرف المخلوقات ہے اس لئے جن لاکھ آگ سے پیدا ہوں پھر بھی انسان سے مات کھا جاتے ہیں۔ انسان کے اعمال انھیں اپنا گرویدہ اور مطیع بنالیتے ہیں۔ اور وہ عامل کے اس طرح غلام بن جاتے ہیں جیسے زر خرید خدمت گار ہوں۔ اور اپنے آقا کی خدمت کرنا اپنا اولین فرض سمجھنے لگتے ہیں۔

جنّات کو نیک کاموں اور نیک مقاصد کے لئے مطیع بنایا جائے۔ اکثر عامل خراب مقاصد کی تکمیل کے لئے جنّات کی تسخیر کے عمل کرتے ہیں۔ اور چونکہ عمل کی تاثیر سچی ہوتی ہے اس لئے وہ کامیاب بھی ہوتے ہیں۔ مثلاً کسی کو امیر بننے کی ہوس ہے وہ جنّات کو تسخیر کرنے میں کامیاب ہوجاتا ہے مگر آخر کو یا تو نقصان اٹھاتا ہے یا پھر عذاب جہنم کا حقدار بن جاتا ہے۔ کوئی عامل دنیاوی شہوت نفس کا غلام بن کر تسخیر کرتا ہے۔ اور جنّات کے ذریعہ اپنے مطلوب کو حاصل کرلیتا ہے۔ مگر ایسا کرنا بے حد گناہ ہیں۔ ہمیشہ اچھے مقصد کی تکمیل کے لئے جنّات کی تسخیر کی جائے۔

عملِ برائے تسخیرِ جن

عمل سورۂ مُزَّمِّل شریف: سب سے پہلے عامل کے خیالات پاک وصاف ہونے ضروری ہیں کہ عمل نیک مقصد کے لئے کیا

چاہئے اور یہ کہ عامل صاحب جرأت اور راسخ عقیدہ کا مالک ہو
وصلوٰۃ کا پابند ہو۔ اور اتباع شریعت میں پوری طرح ثابت قدم ہو
اسرار کا مریض نہ ہو۔ اور جلدی ہراساں ہونے والا نہ ہو۔ اور عامل
بزدل کا مریض نہ ہو۔ کیونکہ ایسے کاموں میں ڈر اور خوف کا دل میں
شائبہ نہیں پیدا ہونا چاہئے۔

عمل کے طریقے

کسی پاک وصاف جگہ پر مصلیٰ بچھایا جائے
وصاف لباس زیب تن کیا جائے اور خوشبو
مثلاً عطر، عود، اگربتی کا استعمال کیا جائے۔ سورۂ مزمل اگر زبانی
تو اچھا ہے ورنہ ناظرہ بالکل درست تلفظ کے ساتھ پڑھنے کی مشق ہو
ضروری ہے۔ اور بعد نماز عشاء اپنے گرد سورۂ اخلاص تین بار پڑھ کر حصار
کھینچ لینا چاہئے۔ اور دل کو تمام دنیاوی خیالات سے پاک کر کے سورۂ مزمل
شریف کی چالیس بار تلاوت کرنی چاہئے۔ اسی طرح یہ سلسلہ چالیس دن
جاری رہنا چاہئے۔

عمل کے دوران کوئی انسان قریب نہ رہے۔ چالیس ویں دن نہایت
ناک شکلوں والے چند انسان قریب آئیں گے اور ہر طرح سے ڈرانے
کوشش کریں گے۔ مگر عامل کو ان سے قطعی نہ ڈرنا چاہئے وہ کچھ ڈر کر
خوف پیدا ہو گیا۔ اور عامل حصار چھوڑ کر بھاگ نکلا تو نقصان پہنچ
غیب وہ تھوڑی دیر ذرا دھمکا چکیں گے اور دیکھ لیں گے کہ عامل
قدم اور پختہ ارادے کا مالک

اور پوچھیں گے کہ ہمیں کیوں طلب کیا گیا ہے۔ تب عامل کو چاہیے کہ سلام کا جواب دینے کے بعد ان سے کہے کہ میں آپ لوگوں سے دوستی کرنا چاہتا ہوں اور جب مجھے ضرورت ہوگی آپ لوگوں کو طلب کر لیا کروں گا۔ وہ لوگ جو دراصل جن ہیں عامل کے مطیع ہو جائیں گے اور جب بھی کسی جائز ضرورت کے لئے انھیں طلب کیا جائے گا وہ فوراً حاضر ہوں گے۔ یہ عمل قرآنی عمل ہے اور اسے ہزاروں عاملین نے آزما لیا ہے۔

(عمل ۲) جنات کے بادشاہ کو قابو میں کرنیکا قرآنی عمل

عمل کے طریقے

اس عمل میں انتہائی ڈر اور خوف کے مقام آتے ہیں۔ اس لئے جیسا کہ پہلے عمل میں بیان کیا گیا کہ عامل کو نڈر اور خدا پرستی کے عقیدے کا مالک ہونا ضروری ہے اور اس کا یہ ایمان ہو کہ خداوند عالم کے سوا کوئی بھی اسے ضرر نہیں پہنچا سکتا اور جو کچھ ہوتا ہے خدا کی طرف سے ہوتا ہے اور یہ کہ اس کے حکم کے بغیر پتہ بھی نہیں ہل سکتا اور سب سے بڑی بات یہ کہ عامل کا ہر وقت پاک و صاف رہنا بے حد ضروری ہے اور صوم و صلوٰۃ کی پابندی لازمی ہے۔

عمل کا طریقہ یہ ہے کہ آبادی سے باہر کسی پاکیزہ مقام پر حصار کھینچ کر خوشبو وغیرہ سُلگائے اور بعد نماز عشاء سات بار سورۂ جن اور ۱۶۰ مرتبہ سورۂ مزمل [illegible]

پڑھنی چاہیئے۔ جتنے بار ممکن ہو سکے۔ اسی طرح چالیس دن تک
سلسلہ جاری رہے۔ ان چالیس دنوں میں روزے رکھے جائیں
ہے چالیسویں دن عامل کو ایسا معلوم ہو گا کہ وہ چاروں طرف سے
بڑے خوفناک درندوں اور خونی قسم کے خطرناک چہروں والے انسانوں
کے گھیرے میں پھنس گیا ہے۔ اور اب اس کی جان کی خیر نہیں
ایسے میں اگر عامل ڈرے گا تو جان سے جائے گا یا پھر شدید جسمانی نقصان
اٹھائے گا۔ اگر عامل بے خوف رہا تو رات گذرنے کے بعد صبح صادق
وقت شہنشاہ جنات اپنے مصاحبین کے ساتھ حاضر ہو گا اور طلبی کا سبب
دریافت کرے گا۔ اور پھر ہمیشہ کے لئے عامل کا مطیع بن جائے گا بشرطیکہ
عامل کی نیت جائز ہو۔

(عمل ۳) مجرّب عمل برائے دفعیۂ جن اور شر آسیب

علمائے کرام نے تحریر فرمایا ہے کہ جس پہ آسیب کا اثر ہو۔ اس
کے داہنے کان میں سات مرتبہ اذان کہنی چاہیئے۔ اس کے بعد سورۂ فاتحہ
اور سورۂ معوذتین بار اور آیۃ الکرسی اور سورۂ یٰسین شریف اور سورۂ
حشر ہُوَ اللّٰہُ الَّذِیْ سے لے کر آخر تک اور سورۂ الصّافات ایک ایک
بار اور سورۂ جن سات بار پڑھی جائے تو وہ جن یا اور کوئی خبیث روح
یا آسیب کیوں نہ ہو وہاں سے بھاگ جائے گا۔

(عمل ۴) آسیب اور جن کے دفعیہ کیلئے خاص تعویذ

یہ نقش مقدس حضرت پیران پیر غوث الاعظمؒ کا عطا کردہ ہے اگر کسی کو شریر جن و آسیب تنگ کرتے ہوں تو اس نقش کو فتیلہ بنا کر صاف نئی روئی میں لپیٹ کر اور پھر کوری مٹی کی پیالی میں سرسوں کا تیل ڈال کر جلائے اور کچھ شیرینی پر حضرت غوثؒ کا فاتحہ دے کر بچوں میں تقسیم کرے۔ انشاء اللہ جن کا اثر دور ہو جائے گا۔ وہ نقش اعظم یہ ہے۔

٧٨٦

٢	٧	٦
٩	٥	١
٤	٣	٨

(عمل ۵) تعویذ سورۂ جن شریف

یہ تعویذ دراصل سورۂ جن کے اعداد ہیں۔ اس تعویذ کی خصوصیت یہ ہے کہ اسے زعفران سے پاک کاغذ پر تحریر کر کے اگر دیوار پر لگا دیا جائے تو جن بھوت اس گھر پر اپنا اثر نہیں ڈال سکتے۔ ہر قسم کی بلاؤں سے اس گھر کے رہنے والے محفوظ رہیں گے۔ اور اگر کسی بچے یا خوبرو لڑکی کے گلے میں موم جامہ کر کے باندھ دیا جائے۔ تو جن بھوت اس پر اثر نہ کر سکیں گے۔ عظیم نقش یہ ہے۔

[illegible]	۸	۲	۱۱
۶	۲	۳	۱۲
۵	۸	۱۵	۱۸
۲۲	۲۳	۲	۱۴

آسیبی علامات اور اثرات جن کی پہچان

قبل اس کے کہ ہم برائے دفعیہ جنات و آسیب کے مزید عملیات
گریں یہ ضروری خیال کرتے ہیں کہ چند وہ علامات بیان کر دیں کہ کس طر
آسیب و جن وغیرہ کے اثرات طبعِ انسانی اور حالات زندگی میں اثر اند
ہوتے ہیں۔ اکثر ناواقف اور مادہ پرست لوگ ناواقفیت کی بنا پر ا
تمام باتوں کی پرواہ نہیں کرتے اور نقصان اٹھاتے ہیں جس طرح مرض
مناسب تشخیص سے دوا جلد اثر کرتی ہے اسی طرح اثرات آسیب کا عا
کو اگر معلومات درست ہوں تو عمل سریع التاثیر ہو جاتا ہے۔ ذیل میں ہم
آسیب و جن کے اثرات کی علامات بیان کرتے ہیں۔

(۱) دھاگے کے سات تاروں کو مریض کے پیر کے انگوٹھے سے لے کر
پیشانی تک درست ناپ لیں اور پھر ایک مرتبہ درود شریف پڑھ

سات بار سورۂ فاتحہ اور ایک بار آیت الکرسی اور ایک بار یہ دعا پڑھیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۵

قنوش منقش حاش شاقیس ماش ایوش بِرَحْمَتِکَ

یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔

اب دھاگے کو پھر ناپیں۔ اگر ایک انگشت کم ہے تو مریض پر دیو کا اثر ہے۔ اگر دو انگل کم ہے تو آسیب کا اثر ہے۔ اور اگر تین انگل کم ہے تو بلا ہے۔ اور اگر چار انگل کم ہے تو امّ الصّبیان کا اثر ہے۔ اور اگر ایک انگل زیادہ ہے تو آدمی کی نظر بد ہے۔ اگر دو انگل زیادہ ہے تو نظر کفتار ہے۔ اگر تین انگل زیادہ ہے تو بائی کا اثر ہے۔ اگر چار انگل زیادہ ہے تو تپ کا اثر ہے۔ اور اگر کم زیادہ نہ ہو تو محض بدنی اور مادّی مرض ہے اور دوا سے آدمی اچھا ہو جائے گا۔ اگر کسی بلا یا آسیب کا اثر ہو تو علاجِ روحانی یعنی عملیات قرآنی اور تعویذات سے رجوع کریں۔

عمل ۶

مجرّب نقش برائے دفعیۂ بلا و آسیب و دیو وغیرہ

جس کو کسی بھی جن، دیو، بھوت یا آسیب کا اثر ہو اور علاماتِ اثر بد کی ظاہر ہوں تو یہ نقش زعفران سے لکھ کر اس کے گلے میں باندھیں تو خداوند کریم اس نقش کی برکت سے اس کا آزار و اثر بد دور فرمائیگا اگر اس نقش کو دھو کر پانی مریض کو پلایا جائے تو اس کی تاثیر مزید بڑھ

جاتی ہے۔ وہ نقش اس طرح ہے:

۶۸۹

۱۶۵۶۱۸	۱۶۵۶۲۶	۱۶۵۶۱۱
۱۶۵۶۲۴	۱۶۵۶۱۷	۱۶۵۶۲۲
۱۶۵۶۲۴	۱۶۵۶۱۹	۱۶۵۶۱۶
۱۶۵۶۱۳	۱۶۵۶۱۴	۱۶۵۶۲۶

عمل ۷

اگر خوبصورت مرد یا عورت پر آسیب کا اثر ہو جائے

اکثر خوبصورت لوگ جنوں کی نظر بد کا شکار ہو جاتے ہیں۔ خصوصاً خوبصورت اور نوجوان لڑکیاں جنات کی ہوس کا نشانہ بن جاتی ہیں۔ خوبصورت جوان چڑیلوں اور جناتینوں کی خواہشاتِ نفسانی کا شکار ہو جاتے ہیں۔ اور اکثر یا تو مجنونانہ حرکتیں کرنے لگتے ہیں یا اس طرح ہو جاتے ہیں کہ ان کا مرض معالجین دریافت نہیں کر پاتے ایسی صورت میں جب عامل کو یقین ہو جائے کہ اس پر جن کا اثر ہے تو مندرجہ ذیل عمل کرے۔ جن کو آسیب کا خلل ہو تو یہ دعا آسیب زدہ کے کان میں سات بار پڑھ کر دم کیا کریں۔

وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمَانَ وَأَلْقَيْنَا عَلَىٰ كُرْسِيِّهِ

انشاء اللہ اس عمل کی برکت سے آسیب کا اثر زائل ہو جائے گا۔

☆ ☆ ☆

عمل ۸

سورۂ طارق شریف کا نقش برائے دفعیۂ آسیب و جن

قرآن مجید کی متبرک سورۂ طارق کا یہ نقش اعظم آسیب و جن، پری، دیو، بلا کے دفعیہ کے لئے عمل مجرب ہے۔ طریقہ یہ ہے کہ اس نقش کو زعفران کی روشنائی سے پاک کاغذ پر باوضو ہو کر تحریر کریں اور گلے میں موم جامہ کر کے لٹکائیں۔
دوسرا فائدہ یہ ہے کہ اس نقش اعظم کو لکھ کر درخت پر کسی شخص کا نام لے کر لٹکا دیا جائے تو وہ خواہ کتنی دور کیوں نہ ہو فوراً آئے۔ گمشدہ کی تلاش کے لئے مجرب عمل ہے۔ وہ نقش اعظم یہ ہے۔

۸۰۳۱	۸۰۴۵	۸۰۴۱	۸۰۳۸
۸۰۴۲	۸۰۳۷	۸۰۳۲	۸۰۴۴
۸۰۳۶	۸۰۳۹	۸۰۴۷	۸۰۳۳
۸۰۳۶	۸۰۳۴	۸۰۳۵	۸۰۴۰

خداوند کریم اس نقش کی برکت سے ہر طرح کے آسیبی اثرات دور کرے گا اور کسی طرح کی بھی نظر بد ہو گی اس سے محفوظ رکھے گا۔

عمل ۹) ام الصبیان نظر بد اور ہر طرح کے شیطانی اثرات سے محفوظ رہنے کیلئے

یہ نقش جس کے پاس ہو گا وہ ہر طرح کے شیطانی اثرات سے محفوظ

رہے گا۔ اور کسی بھی بلا کی نظر اس پر نہ اٹھ سکے گی۔ وہ نقش اعظم یہ ہے۔

۶۵۶	۶۶۱	۶۵۳	۶۵۱	۶۵۴	۶۶۹	۲۳۸	۳۳۳	۳۳۶
۶۵۵	۶۵۷	۶۵۲	۶۵۵	۲۵۵	۲۳۵	۲۳۷	۲۳۵	۲۴۱
۶۴۷	۶۸۳	۶۵۸	۶۵۸	۶۵۷	۶۵۳	۵۴۲	۶۳۵	۶۴۵
۶۴۷	۶۶۲	۶۶۲	۶۳۵	۶۲۵	۶۷۵	۶۶۳	۶۸۸	۶۸۱
۶۵۱	۶۴۵	۶۶۵	۶۷۵	۶۷۸	۶۶۳	۶۸۳	۶۴۵	۶۷۶
۶۹۲	۶۶۱	۶۶۳	۶۵۱	۶۱۹	۶۶۳	۶۶۷	۶۸۹	۶۸۵
۶۹۶	۶۳۹	۶۹۳	۶۹۵	۶۲۸	۶۳۵	۶۸۳	۶۷۵	۶۷۷
۶۹۲	۶۹۱	۶۹۷	۶۲۹	۶۳۷	۶۶۰	۶۷۲	۶۷۵	۶۷۳
۶۵۰	۶۸۹	۶۹۱	۶۳۳	۶۶۱	۶۳۱	۶۶۷	۶۷۱	۶۷۶

عمل نمبر ۱۰

دافع سحر، جادو، ٹونا اور جنات کے اثرات کیلئے

اگر کسی کو خبیث ارواح نے بے حد تنگ کر رکھا ہو اور کسی طرح بھی ان کا اثر دور نہ ہوتا ہو تو سورۂ فاتحہ کا ورد کرنا چاہیے۔ اور اس دعا کو ہر روز ۳۰ بار پڑھنا چاہیے۔

حضور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ یہ دعا جو کوئی روزانہ

۳۰

دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ خَیْرُ الْاَسْمَآءِ بِسْمِ اللّٰہِ
رَبِّ الْاَرْضِ وَرَبِّ السَّمَآءِ بِسْمِ اللّٰہِ
الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اِسْمِہٖ شَیْءٌ فِی
الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ

عمل ۱۱

خاص تعویذ برائے دفعیۂ بلاء بد جن و آسیب

اس نقش کو زعفران کی سیاہی سے لکھ کر مریض کے گلے میں لٹکائیں یا گھول کر پلائیں۔ وہ نقش معظم یہ ہے۔

۷۸۶

۳۱۷	۳۱۶	۳۲۷	۳۳۳
۳۳۵	۳۲۷	۳۱۸	۳۲۹
۳۳۲	۳۱۵	۳۲۳	۳۱۹
۳۳۱	۳۰۲	۳۲۱	۳۲۶

تسخیر حاضرات کے لئے عملیات

آپ نے اکثر دیکھا ہوگا کہ بازار میں کسی مجمع کے ... کھڑے ہو کر لوگ

کے دلوں کے حالات بیان کرتے ہیں اور فرضی طور پر کسی نہ کسی روح کو بلاتے ہیں۔ یہ سب ڈھکوسلے ہیں۔ اور اس کی کچھ اصلیت نہیں۔ جن و دیو اب اس قدر بازاری مخلوق بھی نہیں ہیں کہ جہاں جا ہا پکڑ کر بلالیا۔ اور جب جی چاہا تابع کر لیا۔ مگر ہاں خداوند کریم نے اپنے متبرک اور مقدس کلام پاک میں دنیا کی ہر طاقت کو جھیٹ لینے کی طاقت عطا فرمائی ہے۔

ذیل میں چند قرآنی عمل درج کئے جا رہے ہیں۔ اگر ان عمل کو قواعد کے مطابق پورا کیا گیا تو عامل کو ہر سوال کا جواب غیب سے مل جایا کرے گا۔

عمل ۱

عمل کا طریقہ

عامل کو نماز روزہ کا پابند ہونا ضروری ہے رات کے وقت بعد نماز عشاء باوضو ہو کر ایک تنہا جگہ پر سورہ قُلْ اُوْحِیَ سے فَاٰمَنَّا بِہٖ تک ایک ہزار بار پڑھی جائے یہ سلسلہ چالیس دن تک جاری رہے۔ اور اس عرصہ میں مچھلی پیاز لہسن اور گوشت سے پرہیز کیا جائے۔ زیادہ تر دودھ دہی اور شیریں چیزوں کا استعمال کیا جائے۔ اور چلّے کے درمیان کوئی فرض نماز قضا نہ ہونے پائے۔ جب چلّہ بخیر و خوبی ختم ہو جائے تو عامل سمجھ لے کہ اب وہ مکمل عامل ہو گیا ہے۔

وہ جس سوال کو کاغذ پر لکھ کر سوئے گا اس کا جواب یا تو خواب میں مل جائے گا یا پھر تحریری طور پر مل جائے گا۔ اس عمل سے کسی قسم کا خطرہ

نہیں ہے مگر یہ خیال رہے کہ حالات جائزہ ہوں اور ان سے خلق خدا کا نقصان کا احتمال نہ ہو۔

حاضرات کے لئے دوسرا عمل

عمل کا طریقہ یہ عمل چاند کے عروج ایام میں مثلاً دس سے ۱۴ ار تاریخوں کے درمیان شروع کیا جاتا ہے۔ اور عمل کے درمیان احرامی لباس زیب تن کیا جائے۔ جیسے ایک چادر اوڑھ لیں۔ اور ایک چادر کا تہہ بند باندھ لیں۔ چونکہ یہ عمل جلالی ہے۔ اس لیے گوشت سے سخت پرہیز رکھنا چاہیے۔ تنہا اور صاف مقام پر بیٹھ کر خوشبو لگائیں۔ اور قبلہ رو ہو کر دس روز یعنی ایک عشرہ میں روزانہ پانچ ہزار بسم اللہ شریف پڑھیں۔ دوسرے عشرہ میں روزانہ چار ہزار مرتبہ اور تیسرے عشرہ میں روزانہ تین ہزار مرتبہ چوتھے عشرہ میں روزانہ پانچ سو بار بسم اللہ شریف پڑھیں۔ اس طرح مجموعی طور پر سوا لاکھ کی تعداد پوری ہو جاتی ہے۔ اس درمیان روزانہ بسم اللہ شروع کرنے سے اوّل و آخر گیارہ بار درود شریف پڑھنی چاہیے۔

عمل کے دوران موکل حاضر ہوں گے۔ اس میں عامل کو چاہیے کہ اپنے کام سے کام رکھے اور ان سے کوئی گفتگو نہ کرے۔ جب چالیس دن پورے ہو جائیں تب پھر موکل کے سلام کا جواب دے کر اسقدر کہے کہ جب میں تمہیں بلایا کروں آجایا کرو۔ اس عمل کے دوران ہمیشہ کا معمول بنا لیں [illegible]

لیا کریں۔ تاکہ عمل قابو میں رہے۔

ہمزاد کی تسخیر کے لیے مجرب اور آزمودہ عمل

عمل کا طریقہ سب سے پہلے تو اس کا خیال رکھنا ضروری ہے کہ ہمزاد کے عامل کو اچھی طبیعت اور جذباتی مزاج کا مالک نہ ہونا چاہیے۔ اگر عمل کرنے والا یہ سمجھے کہ اس کے اندر ضبط کا مادہ بہت کم ہے اور وہ بہت جلدی بھڑک اٹھتا ہے تو ایسے شخص کو کبھی عمل کا ارادہ نہیں کرنا چاہیے۔ جب پوری طرح فیصلہ کر لے کہ میں ضبط و تحمل کا عادی ہوں اور مجھ کو بہت جلد مشتعل نہیں ہونا ہے۔ تب عمل شروع کرے۔

جب قمری مہینہ کا پہلا دوشنبہ آوے تو اس دن روزہ رکھا جائے اور پھر کسی دریا یا ندی میں غسل کیا جائے۔ اور بعد غسل دریا کے کنارے پر ہی بیٹھ کر سات ہزار مرتبہ اَللّٰہُ الصَّمَدُ پڑھے اور اول و آخر پانچ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ جب سات ہزار مرتبہ پورے پڑھ لے تو پھر اس نقش کو وہیں پر زعفران سے لکھ کر دریا میں چھوڑ دے۔ اسی طرح پانچ دن کرے۔ نقش یہ ہے۔

۵	۱۰
۲۱۳	۳
۲	۲۱۰
۱۱	۸

یا صمد و قائیل۔

الغفر الغفر الغفر

یا حی یا صمد یا ائیل

۲۱۲	۴
۶	۹
۱۲	۷
۱	۲۱۱

جب پانچ دن پورے ہو جائیں گے تو ہمزاد ظاہر ہو کر ملاقات کریگا اور عامل کا مطیع ہو جائے گا۔ اور ہر خدمت کے لئے تیار رہے گا۔ مگر جیسے ہی عامل نے اس سے کسی ناجائز کام کے لئے کہا عمل کا اثر ختم ہو جائیگا اور ہمزاد آزاد ہو جائے گا۔

موکلوں کا بیان

عامل کو سب سے پہلے جو بات سیکھنی ضروری ہے وہ ہے موکلوں کے بارے میں معلومات۔ سب سے پہلے دنوں کے موکلین کے بارے میں معلومات حاصل کرنی چاہیے۔

ہم ذیل میں ہر روز کے موکلوں کے نام تحریر کر رہے ہیں تاکہ عاملوں کو دشواری نہ ہو۔ واضح ہو کہ ہر روز کے دو موکل فرشتے مقرر ہیں۔

دن	موکلین ارضی	و سماری
یکشنبہ	فائیل	ابوعبداللہ المذہب
دوشنبہ	جبرئیل	شمکائیل
سہ شنبہ	سمسائیل	الاحمر
چہارشنبہ	میکائیل	لنوائیل
پنجشنبہ	صرفائیل	الشیل سمعودس
جمعہ	حفصائیل	عبدالرحمٰن ابیض

جس دن بھی مؤکلین کا عمل شروع کرے ۔ اس دن کے مؤکلوں کے نام ادب اور تعظیم سے لے اور ان سے اپنے مقصد میں تعاون اور امداد کی اپیل کرے ۔

جن دنوں کے موکل الگ الگ مقرر ہیں اسی طرح سمتوں کے فرشتے الگ الگ ہیں ۔ عامل کو ان کا علم بھی ضروری ہے ۔ لہٰذا چہار سمت کے موکلین کے اسماء نقشے کی صورت میں تحریر ہیں ۔

نقشہ یہ ہے ۔

سمت	موکل	اعوان (مددگار)
مغرب	دردائیل	جبریقیل ۔ قصحائیل ۔ شوبائیل
مشرق	دنیائیل	درخمائیل ۔ حموقیائیل ۔ سمعیائیل
جنوب	صرفیائیل	نمسیائیل ۔ مرحبائیل ۔ حرمکائیل
شمال	اسیائیل	فرعزئیل ۔ طائیل
قبلہ	انیائیل	فرغوئیل ۔ طاجیل ۔ اللوّل

مندرجہ بالا نقشہ جات سے عامل کو مؤکلین کے اسماء تو معلوم ہو گئے اب ذیل میں ہم مؤکلین کو تسخیر کرنے کے کچھ مجرّب عملیات درج کرتے ہیں مگر پھر کہے دیتے ہیں کہ مقصد نیک ہونا چاہیئے ورنہ فائدہ کے بجائے نقصان پہنچ سکتا ہے اور پھر اس کی ذمہ داری ہم پر عائد نہ ہو گی کیونکہ ہم ایک بار نہیں بار بار عاملین کو متنبہ کرتے چلے آتے ہیں ۔ اگر اس

کے باوجود بھی کوئی ناجائز مقصد کے لیے عمل کرے گا تو ہم اس کے ذمہ دار نہ ہوں گے۔

مجرّب عمل تسخیر مؤکّلات

طریقۂ عمل یہ عمل بدھ کے دن سے شروع کیا جائے۔ عامل کو پنجگانہ نماز اور شریعت کا پابند ہونا ضروری ہے۔ ہر وقت پاک و صاف رہنا چاہیئے۔ اور لباس پاکیزہ زیب تن ہونا چاہیئے۔ بعد نماز عشاء ایک پاک مقام پر سبز رنگ کا مصلّا بچھا کر بیٹھیں۔ بدن پر کم از کم ایک کپڑا سبز ہونا چاہیئے۔ چاہے وہ عمامہ یا ٹوپی ہی کیوں نہ ہو۔ عود و عنبر کے بخور جلائیں اور بعد نماز عشاء اس دعاء کو روزانہ چار سو چوالیس (۴۴۴) بار پڑھیں۔ دعا یہ ہے۔

قَسَمْتُ عَلَيْكُمْ يَا بُرْقَانُ اَبُو الْعَجَائِبِ بِالْاِمْسَكَائِيلِ وَبِحُرْمَتِ يَا خَبِيْرُ اَحْضِرْ اَحْضِرْ اَلْعَجَلُ السَّاعَةَ۔

دعا پڑھتے وقت گوگل کا بخور جلاتے جائیں۔ اکیسویں دن سے مؤکّلین حاضر ہوں گے اور طرح طرح کے خوفناک منظر دکھائیں گے۔ مگر عامل ان سے ہرگز خوف نہ کرے۔ چالیس دن پورے ہونے کے بعد سفلی مؤکّل تابع ہو جائے گا۔ اسے جائز مقاصد کے لئے استعمال کریں جس دن کا جو مؤکّل ہو اس کا نام لے کر بلائیں تو وہ فوراً حاضر ہوتے ہیں۔ جب ان کو بلانے کا ارادہ ہو تو دیکھ لیں کہ کپڑے وغیرہ پاک ہیں یا نہیں۔ نجاست اور

جنابت کے عالم میں انھیں کبھی طلب نہ کریں۔ ورنہ نقصان پہنچ سکتا ہے اور کسی بھی خلق خدا کو ہلاک کرنے یا نقصان پہنچانے کا حکم مؤکل کو نہ دیں۔ ہاں اگر کوئی دشمن ناحق عامل کو ستائے اور وہ دشمن اسلام سے باہر ہو تو ہرج نہیں کہ اس کا زور کم کرانے کی کوشش کی جائے۔ اور اگر روپیہ پیسہ وغیرہ دنیاوی طمع کا سوال مؤکل کے سامنے آئے گا۔ تو مؤکل عامل کی فرمائش پوری بھی نہیں کرے گا اور عمل کا اثر بھی جاتا رہے گا۔

کوئی بھی عمل نحس تاریخوں میں شروع نہیں کرنا چاہیئے

ہر عامل کا فرض ہے کہ وہ قمری مہینہ کی سعد تاریخوں میں ہی عمل کو شروع کریں۔ اکثر کام دن اور ستاروں کی نحوست کی وجہ سے بگڑ جاتے ہیں اس لئے ہم یہاں پر قمری مہینوں کی نحس تاریخوں کو ایک نقشے کے طور پر درج کرتے ہیں تاکہ عاملوں کو آسانی ہو۔

نقشہ آئندہ صفحہ پر ملاحظہ ہو۔

اس سے معلوم ہو گا کہ پورے سال میں کس قدر تاریخیں نحس ہیں۔ لہٰذا عامل کو چاہیئے کہ ان تاریخوں کو زبانی یاد کر لیں۔ ورنہ یادداشت کی کتاب میں نوٹ کر لیں۔

عمل شروع کرنے کے علاوہ کسی بھی کام کے قصد سے پہلے تاریخ دیکھ لینی چاہیئے۔

نقشہ تواریخ نحس یہ ہے			
محرم	۱۶، ۱۷، ۱۸	رجب	۱، ۲، ۳
صفر	۱۳، ۱۴، ۱۵	شعبان	۲۸، ۲۹، ۳۰
ربیع الاول	۱۱، ۱۲، ۱۳	رمضان	۲۶، ۲۷، ۲۸
ربیع الثانی	۸، ۹، ۱۰	شوال	۲۳، ۲۴، ۲۵
جمادی الاول	۷، ۸، ۹	ذیقعدہ	۲۱، ۲۲، ۲۳
جمادی الثانی	۲۵، ۲۶، ۲۷	ذی الحجہ	۱۸، ۱۹، ۲۰

اس لئے یہ نقشہ روزمرہ کی زندگی میں مدد دے گا۔ ویسے تو سب دن خدا کے بنائے ہیں۔ مگر پھر بھی جیسا کہ بزرگوں نے بتایا ہے میں نے یہاں تحریر کر دیا ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

عامل کو ستاروں سے واقف ہونا چاہیئے

عامل کے لئے سب سے ضروری ہے کہ وہ اپنے ستارے سے واقف ہو اور اس مقصد کے لئے لوگ عام طور پر نجومیوں کے دست نگر رہتے ہیں۔ ہم یہاں پر برج اور ستاروں کی کیفیت کو آسان نقشوں کے ذریعہ سمجھا رہے ہیں۔

اس آسان ترکیب سے ہر شخص کسی کے نام کا بھی ستارہ معلوم کر سکتا ہے۔ اور ستارے کی خاصیت بھی معلوم کر سکتا ہے اور پھر جس کا جو ستارہ ہو اس کے موافق عمل کرے تو عمل سریع التاثیر ہو جاتا ہے۔

جس شخص کی جس ماہ میں پیدائش ہوئی ہے اس حساب سے نقشہ دیکھ لیں۔

نقشہ بروج عربی مہینوں کا یہ ہے۔

ماہ	ستارہ	طالع	مذکر یا مؤنث
محرّم	حمل	آتشی	مذکر
صفر	ثور	خاکی	مؤنث
ربیع الاوّل	جوزا	بادی	مذکر
ربیع الثانی	سرطان	آبی	مؤنث
جمادی الاوّل	اسد	آتشی	مذکر
جمادی الثانی	سنبلہ	خاکی	مؤنث
رجب	میزان	بادی	مذکر
شعبان	جدی	بادی	مؤنث
رمضان	عقرب	بادی	مؤنث
شوّال	قوس	آتشی	مذکر
ذیقعدہ	دلو	بادی	مذکر
ذی الحجہ	حوت	آبی	مؤنث

ستاروں کی خصوصیات اس طرح ہیں

(۱) حمل کا مزاج آتشی ہے۔ حمل ستارے والے عامل کو چاہیئے کہ

وہ عمل شروع کرنے سے قبل اپنا منہ مشرق کی طرف رکھے (سوائے اس کے) کہ عمل میں کسی خاص سمت کی قید نہ ہو۔ اور عمل پڑھتے وقت آگ قریب رکھے تو بہتر ہے اور اس میں لوبان یا خوشبو ڈالتا جائے تو افضل ہے۔ عمل جمعہ کو شروع کرنا چاہیے۔

(۲) **ثور** کا مزاج خاکی ہے۔ عامل سوائے کسی خاص قید کے اپنا منہ جنوب کی طرف رکھے اور جمعہ کو ہی عمل شروع کرے۔

(۳) **جوزا** کی تاثیر بادی ہے عمل بدھ کے دن شروع ہو تو اچھا ہے۔ عامل کا منہ مغرب کی طرف رہے تو افضل ہے۔

(۴) **سرطان** یہ ستارہ آبی ہے۔ اس کا عامل عمل کے وقت اپنا منہ شمال کی طرف رکھے تو بہتر ہے۔ عمل بدھ کے دن شروع ہو تو اچھا ہے۔

(۵) **اسد** یہ ستارہ آتشی ہے۔ اس کا عمل اتوار کے دن سے شروع کیا جائے اور عامل دریا کے کنارے بیٹھے تو عمدہ ہے۔

(۶) **سنبلہ** یہ ستارہ خاکی ہے۔ عمل بدھ کے دن شروع کرے تو بہتر ہے اور عمل کے وقت اپنا منہ مشرق اور مغرب کے درمیان رکھے۔

(۷) **میزان** یہ بادی ہے جمعہ کے دن عمل شروع کیا جائے اور عمل کے وقت سوائے (خاص قید) کے اپنا منہ جنوب اور شمال کے درمیان رکھا جائے اور عمل کے وقت صندل سرخ اور لوبان جلاتے رہیں۔

(۸) **جدی** یہ ستارہ خاکی ہے۔ اس کا عمل جمعہ سے شروع کریں اور

(۹) عقرب یہ ستارہ آتی ہے۔ منگل کے دن سے کام شروع کریں اور پورب کی طرف منہ کیا جائے۔

(۱۰) قوس یہ آتشی ہے جمعرات سے عمل کریں اور منہ مشرق کی طرف رکھیں۔

(۱۱) دلو یہ ستارہ بادی ہے کوئی بھی عمل کریں تو سنیچر سے اور عمل کے وقت شمال کی طرف منہ رکھیں۔

(۱۲) حوت یہ ستارہ آبی ہے۔ اس ستارے کا عامل جمعرات سے عمل شروع کرے۔ اور عمل کرتے وقت کسی برتن میں پانی بھر کر سامنے رکھے۔

گزشتہ صفحات میں ہم نے تسخیرات جن اور ہمزاد نیز حاضرات کے بارے میں چند خاص الخاص عمل بتائے ہیں۔ اب آگے چل کر ہم ہر وبائی مرض کے موکل کو قابو میں لانے کی تدابیر بتاتے ہیں۔

واضح ہو کہ جس قدر بھی وبائیں ہیں ان کا ایک خاص مختار یا موکل ہے۔ اور وہی حملہ کر دیتا ہے تو لوگ کہتے ہیں کہ ہیضہ یا طاعون پھیل گیا ہے۔ آیئے خدائے پاک بے نیاز کے فضل کے سہارے ان بلاؤں سے بچنے کی تدابیر اختیار کریں۔ اور ساتھ ہی اللہ سے دعا بھی مانگیں کہ وہ تمام بنی نوع انسان کو ان خطرناک موذیوں سے محفوظ رکھے۔ آمین

٭٭٭

بُری نظر کا اثر دور کرنے کا عمل

تسخیر ڈائن

نظر بد جو آسیبہ یا چڑیل مقرر ہے اس کا نام ڈائن ہے۔ یہ نہایت نقصان دہ ثابت ہوتی ہے۔ جب کسی پر نظر بد کا سایہ پڑ جائے ذیل کی آیات کو آیۃ الکرسی کے ساتھ پڑھتے ہوئے زمین پر ایک دائرہ بناتے جائیں جب آیات کی تلاوت تمام ہو جائے تو ایک چھُری لوہے کی دائرے کے درمیان گاڑ دیں اور یہ الفاظ ادا کریں۔ "میں نے یہ چھُری ڈائن کے کلیجے میں بھونک دی"

اور پھر اس چھری کو کسی برتن سے ڈھک دیں۔ مجرب عمل ہے۔ آیۃ الکرسی کے ساتھ جو آیات تلاوت کی جائے گی وہ یہ ہیں۔

قُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَ زَهَقَ الْبَاطِلُ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا۔ وَيُحِقَّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَيَقْطَعَ دَابِرَ الْكٰفِرِيْنَ وَيُحِقَّ الْحَقَّ وَيُبْطِلَ الْبَاطِلَ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۝ وَ يَمْحُوا اللّٰهُ الْبَاطِلَ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ اِنَّهٗ عَلِيْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّآمَّةِ مِنْ كُلِّ شَرِّ شَيْطَانٍ وَّهَامَّةٍ وَّعَيْنٍ لَّامَّةٍ يَا حَفِيْظُ يَا رَقِيْبُ يَا وَكِيْلُ يَا كَفِيْلُ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝

یہ عمل بہت سے بزرگوں کا آزمایا ہوا ہے۔ لہٰذا صدق دلی سے

پورے عقیدے کے ساتھ اس سے فائدہ اٹھائیں۔ یاد رہے کہ نظر بد
کا اثر اس قدر شدید ہوتا ہے کہ سوائے روحانی علاج کے کسی قسم کی
دوا اس مرض میں فائدہ نہیں پہنچا سکتی۔

آسیبی مسان سے بچنے کے لئے عمل

تسخیر مسان یہ بہت ہی خبیث آسیبی مرض ہے اور خصوصاً
بہت زیادہ اثر کرتا ہے جس کے بچے مسان کی نذر
سے ہوں ان کے لئے مندرجہ ذیل عمل استاد کی بیاض میں تحریر ہے۔
جب بچے کی ولادت قریب ہو یا دو تین ماہ کا حمل ہو چکا ہو اس
کسی دوشیزہ باکرہ سے عورت کے قد کے برابر لمبا دھاگہ کوری روئی
چاہیے اور پھر اس دھاگے پر سورہ شریف وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ
بار پڑھ کر اکتالیس گانٹھیں دے دیں۔ یہ گنڈا تیار ہو گیا۔ اب اسے
کی کمر سے باندھ دیں اور بچہ کی پیدائش تک بندھا رہنے دیں اور
بچے کے گلے میں یہی گنڈا باندھ دیں۔ خدا کے فضل و کرم سے بچہ مسان
سے محفوظ رہے گا۔

عمل برائے مسان نوزائیدہ بچے کے بدن کے برابر ایک
میں سوراخ کر دیں کاغذ بڑے سائز کا
چاہیے اور پھر اس سوراخ کے چاروں طرف گلاب اور زعفران کی
سے سورہ یٰسین شریف لکھ دیں اور اب بچے کو غسل کرا کے کم از کم سات

بار اس سوراخ سے نکالیں اور پھر اس کاغذ کو موم جامہ کرکے بچے کے گلے میں ڈال دیں۔ اللہ پاک اپنے کلام کی برکت سے اس بچہ کو مسان سے محفوظ رکھیں گے۔ اور اس بچہ پر کسی قسم کا آسیب جادو ٹونا اثر نہ کر سکے گا۔

ہیضہ اور طاعون سے محفوظ رہنے کیلئے عمل

ذیل میں ہزار ہا بار کا آزمودہ عمل دیا جارہا ہے اس عمل کو صدیوں سے کیا جاتا رہا ہے۔ اور ہزار ہا بندگان خدا اس کے سبب سے آفات سے محفوظ رہے۔

جب ہیضہ یا پلیگ انفلنزا یا چیچک وغیرہ کا زور ہو تو مندرجہ ذیل دعا کو کسی پاک کاغذ میں گلاب و زعفران سے تحریر کرکے دروازے کی چوکھٹ پر آویزاں کر دینا چاہیئے۔ جس گھر کے دروازے پر یہ دعا آویزاں ہوگی وہاں وبائی آسیب کا داخلہ ناممکن ہو جائے گا۔

وہ دعائے عظیمہ یہ ہے۔

لِیْ خَمْسَۃٌ اُطْفِیْ بِھَا حَرَّ الْوَبَاءِ الْحَاطِمَۃِ ۝ اَلْمُصْطَفٰی وَالْمُرْتَضٰی وَ ابْنَاھُمَا وَالْفَاطِمَۃُ ۝

وباء سے محفوظ رہنے کیلئے خاص تعویذ اور عمل

جب ہر طرف وبا کا زور پھیل رہا ہو تو سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ۔ سو بار پڑھ کر پانی میں دم کرکے سب کو پلا دیں اور اس

نقش کو زعفران اور گلاب کے عرق سے پاکیزہ کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کریں۔ اور گلے میں لٹکائیں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱	۸	۱۱	۱۴
۱۲	۱۳	۲	۷
۶	۳	۱۶	۹
۵	۱۰	۵	۴

خدا کے فضل و کرم سے حامل نقش ہذا جمیع وبائیات سے محفوظ رہے گا انشاء اللہ تعالیٰ۔

پیچش سے صحت کیلئے بے نظیر نقش

پیچش نہایت خطرناک مرض ہے۔ اکثر آسیبی اثرات سے بھی پیچش و خونی دست آنے لگتے ہیں اور مریض کی جان پر بن جاتی ہے۔

جس کسی کو پیچش ہو رہی ہو مندرجہ ذیل نقش شریف زعفران سے لکھ کر مریض کے پیٹ پر باندھ دیں۔ یہ نقش سورۃ والشمس کا ہے۔ خدا نے چاہا تو فوراً شفا ہوگی۔ نقش شریف یہ ہے۔

۷۸۶

۳۰۴	۲۹۷	۳۰۲
۲۹۹	۳۰۱	۳۰۳
۳۰۰	۳۰۵	۲۹۸

نوٹ: اس نقش کو گھول کر پلادیں تو اور بھی بہتر ہے۔

بُخار سے صحت پانے کا تعویذ

بخار خواہ موسمی ہو یا وبائی وقتی ہو یا میعادی یہاں طبعی طور پر بخار سے مُراد ہے۔ جس کو بخار چڑھا ہو مندرجہ ذیل نقش زعفران اور گلاب سے تحریر کر کے دھو کر پلائیں تو خدا مریض کو تپ سے نجات دے اور اگر اس نقش کو چینی کی رکابی میں لکھ کر اور پھر دھو کر پلایا جائے تو اور بھی افضل ہوگا۔ لیکن خیال رہے کہ نقش لکھنے والا صوم وصلوٰۃ کا پابند ہو اور امور شریعت کا جاننے والا ہو خصوصاً پاک وطاہر رہتا ہو۔ نقش اس طرح ہے۔

هوالشافی　　　　هوالکافی

۷۸۶

ن	م ا	ح	س
۷	۲۰۱	۴۹	۴۲
۴۰۲	۴۲	۳۹	۴۸
۴۰	۱۴۰	۳۳	۹

چیچک کے عارضے کیلئے عمل نقش

اگر چیچک کی وبا پھیل رہی ہو تو مندرجہ ذیل نقش اوّل کو بحالت

طہارت زعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھیں اور نقش دوم کو بطور اول لکھ کر موم جامہ کر کے بچوں کے گلے میں باندھ دیں۔ خداوند کریم چیچک سے محفوظ رکھیں گے۔ انشاء اللہ۔ نقش اول یہ ہے۔

۷۸۶

۱۶	۳	۶	۹
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۱	۸	۱	۱۴
۱۵	۱۰	۱۵	۴

نقش دوم یہ ہے

۷۸۶

۱۴۸۹۲	۱۴۸۸۴	۱۴۸۸۹
۱۴۸۸۶	۱۴۸۸۸	۱۴۸۹۰
۱۴۸۸۷	۱۴۸۹۲	۱۴۸۸۵

یرقان جیسے موذی مرض کیلئے مجرب عمل

جب اچھی طرح یہ یقین ہو جائے کہ مریض کو یرقان کی بیماری ہے تو چاہیئے کہ غسل کر کے پاک جگہ پر مصلا بچھا کر بیٹھیں اور سورۂ سبا کو چینی کی پلیٹ پر زعفران سے تحریر کریں اور پلیٹ کو دھو کر مریض کو پلائیں۔ قرآن کریم کی برکت سے مریض تندرست ہو جائے گا۔ آزمودہ عمل ہے۔

عمل میں صدقِ نیت اور کلام اللہ پر راسخ عقیدے کی شرط ہے۔

لقوہ فالج و گنٹھیا وغیرہ کیلئے حیرت انگیز عمل

یہ امراض نہایت موذی ہیں اگر صرف جان ہی چلی جائے تو خیر مضائقہ نہیں کہ وقت ہی آ گیا تھا۔ مگر یہ امراض اس سے بھی زیادہ خراب ہیں کیونکہ ان کے حملے سے انسان اپاہج ہو جاتا ہے۔ اور زندگی موت سے بدتر ہو جاتی ہے۔ اس قسم کے مریضوں کے لئے آیۂ کریمہ قلعی دار دھات کی طشتری پر مشک و زعفران سے تحریر کریں اور پھر مریض کو اس طشتری میں مثال آئینہ منہ دکھائیں۔ مجرب عمل ہے۔ آیۂ کریمہ یہ ہے۔

قَدْ نَرٰى تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِى السَّمَآءِ فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضٰهَا ه

اسی طرح روزانہ کا معمول بنا لیں۔ صبح لکھ لیں اور شام تک جب بھی موقع ملے اس طشتری کا آئینہ مریض کو دکھائیں۔ اللہ نے چاہا تو چند روز میں افاقہ کی صورت سامنے آ جائے گی۔

کوڑھ جذام اور برص کے مریضوں کیلئے روحانی تریاق

بزرگانِ دین و عاملین کوڑھ کے مریضوں کے لئے ایک تیر بہدف علاج بتاتے ہیں۔ چونکہ دنیاوی علاج میں تو یہ مرض لاعلاج قرار دیئے جا چکے ہیں۔ اس لئے یہ روحانی نسخہ ایک نعمتِ بے بہا سے کم نہیں۔

میں قارئین سے گذارش کروں گا کہ جن صاحب کی نظر سے بھی یہ عمل گذرے ازراہِ ثواب اسے ایسے مریضوں تک پہنچانے کی کوشش کریں جو ان امراض کا شکار ہیں۔ اور زندہ درگور ہیں۔ اللہ پاک اس کا اجرا نھیں غیب سے عطا فرمائے گا۔

عمل اس طرح ہے۔

جس کو برص یا جذام یا کوڑھ ہو وہ بیس یوم تک متواتر روزے رکھے اور روزانہ افطار کے وقت یَا مَجِیْدُ پندرہ بار پڑھا کرے خدا نے چاہا تو بیس دنوں میں شفائے کامل حاصل ہو گی۔ اگر ایک بار میں کامیابی نہ ہو تو دوبارہ شروع کرے اور ہر نماز کے بعد اَلْحَمْدُ شریف اور آیۃ الکرسی پڑھ کر خدا سے دعا مانگا کرے۔ اللہ ہر دعا قبول کرتا ہے۔ لیکن اس کی ذات پر کامل یقین کی شرط ہے۔

جن عورتوں کو حمل نہ ٹھہرتا ہو

وہ بھی مایوس نہ ہوں۔ ایسے جوڑے کو جن کے ہاں حمل قرار نہ پاتا ہو چاہیے کہ عورت، مرد دونوں جمعہ کے دن روزہ رکھیں اور روزہ شکر اور بادام سے افطار کریں۔ افطاری کے وقت نہ پانی پیئیں اور نہ کوئی چیز کھائیں اور یہ آیت کریمہ:

اِنِّیْ خِفْتُ الْمَوَالِیَ مِنْ وَّرَآءِیْ تا رَضِیًّا تک شہد سے کانچ کی پلیٹ پر لکھیں۔ اور پانی سے دھو کر اور رکھیں ڈالنے مٹکے کر کے ہر

دانے پر یہ آیت پڑھیں۔ پھر ان دانوں کو شہد کے پانی میں ابالنا شروع کر دیں اور ساتھ ہی ساتھ دونوں میاں بیوی سورۂ مریم کی تلاوت کرنا شروع کر دیں جب مٹر ابل جائیں تو اس مٹر کے پانی میں تھوڑا سا انگور کا عرق ملا کر دونوں آدھا آدھا پی لیں اور پھر دونوں بستر پہ سو جائیں۔ اور ایک نیند لینے کے بعد قربت حاصل کریں۔ اسی طرح یہ عمل سات دن تک برابر کیا جائے۔ انشاء اللہ مایوسی آس میں بدل جائیگی۔

اسقاطِ حمل کے لئے بے نظیر عمل

جن عورتوں کو اسقاط کی بیماری لگ جاتی ہے تو ان کی زندگی اجیرن ہو جاتی ہے۔ ان کے لئے ذیل میں ایک آزمودہ عمل درج کیا جاتا ہے۔ اگر صدق دلی سے اس عمل کو پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے تو خدا کے فضل و کرم سے حمل ساقط نہ ہوں گے۔ وہ عمل اس طرح ہے۔

جس عورت کو اسقاط حمل ہوتا ہو اس کو پیلے ریحان کے سات پتوں پر یہ آیت لکھ کر پان کی طرح کھلائیں۔ اور اس پر گائے کا دودھ پلائیں۔ یہ عمل تین دن تک پلا ناغہ سعد تاریخوں میں کریں تو انشاء اللہ حمل ساقط نہ ہوگا۔ آیت کریمہ یہ ہے۔

لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ سُلٰلَةٍ سے الْخَالِقِیْنَ۔

تک قرآن میں دیکھ کر لکھیں۔

نرینہ اولاد کیلئے نقش بے خطا

اس نقش کو زعفران اور مشک سے لکھ کر عورت حاملہ اپنے پاس رکھے یا کمر میں باندھ لے تو انشاء اللہ تعالیٰ شرطیہ لڑکا پیدا ہو اور نہایت عاقل، ذکی اور صاحبِ فہم ہو۔ اس پر کوئی اور آفت ارضی و سماوی اثر نہ کرے اور نہ جن، بھوت، آسیب کا اس پر اثر ہو۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۱۱۹	۴۱۴۰	۲۱۴۷
۲۴۹		۲۱۴
۷۸۱		۱۱۴۴
۱۱۳۹	۲۱۴	۲۱۳۷

آسانی سے ولادت کیلئے نقش اعظم

جب عورت کو دردِ زہ ہو رہا ہو اور ولادت میں انتہائی پریشانی ہو رہی ہو۔ تو چاہیئے کہ یہ نقش زعفران سے لکھ کر موم جامہ کر کے مریضہ کی ران میں باندھ دیا جائے اور جیسے ہی ولادت ہو جائے، کھول دینا چاہیئے۔

اس نقش کی برکت سے خداوند کریم ولادت کی تکلیف ختم کر دیتے ہیں۔ وہ نقشِ اعظم اس طرح ہے۔

Presented By: https://jafrilibrary.com/

۷۸۶

۳۲۲۲۸۰	۳۲۲۷۱۳	۳۲۲۷۸
۳۲۲۰۷۵	۳۲۲۷۷	۳۲۲۷۹
۳۲۲۷۶	۳۰۲۲۸۱	۳۲۲۷۴

آسانی ولادت کیلئے دوسرا عمل

مندرجہ ذیل آیت کو زعفران سے لکھیں اور موم جامہ کرکے عورت کی کمر سے باندھ دیں تو ولادت آسان ہوجاتی ہے۔ آیت مذکورہ یہ ہے۔

جنۃ ولدت مریم ولدت عیسیٰ الارض تدعوك الیها المولود الیها المولود یقدرۃ اللہ تعالےٰ۔ یہ عمل آزمایا ہوا ہے۔

پاگل کُتّے کے کاٹے کا علاجِ رُوحانی

یہ بڑا موذی جانور ہے۔ آج تک سائنس والے پاگل کُتّے کے کاٹے کا شافی علاج تلاش نہیں کرسکے ہیں۔ ذیل میں ہم ایک نقش درج کررہے ہیں جسے بارہا صوفیائے کرام نے آزمایا ہے۔ استاد کا فرمان ہے کہ میں نے جس کو بھی یہ تعویذ دیا خدا کے فضل سے شفایاب ہوا ہے۔

اس سلسلے میں ایک گذارش ہے کہ اہلِ علم اور صاحب خیر حضرات ازراہِ ثوابِ دارین اس نقش کو لکھ کر جہاں بھی کسی ضرورت مند کو دیکھیں

دیدیا کریں تو اللہ پاک ان کے دل کی مراد بر لائے گا۔ نقش یہ ہے

۷۸۶

۳۴۱۳	۳۴۰۶	۳۰۴۰۱۱
۳۴۰۸	۳۴۱۰	۳۴۱۲
۳۴۰۹	۳۴۱۴	۳۴۰۷

سانپ بچھوّ یا کسی اور زہریلے جانور کے کاٹے کا علاج

ذیل میں جو نقش دیا جا رہا ہے اسے کسی بھی زہریلے جانو
سانپ، بچھو، چھپکلی، گوہ، بھڑ وغیرہ کے گزیدہ کو لکھ کر دھو
اور وہی پانی پلائیں۔ اس نقش کو نقشِ یا حیُّ کہتے ہیں۔
نقش اس طرح ہے۔

۷۸۶

۹	۲	۷
۴	۶	۸
۵	۱۰	۳

قرآن کریم کا ایک ایک لفظ عملیات کا خزانہ ہے

بلاشبہ قرآن کریم جہاں ایک مکمل نظام حیات ہے وہاں روحانیت کا بحر بیکراں بھی ہے۔ چونکہ اس کتاب میں ہم صرف عملیات پر ہی روشنی ڈال رہے ہیں۔ اس لئے عاملوں کی آسانی کے لئے ذیل میں قرآن کریم کی کچھ خاص خاص سورتوں کے عملیاتی فوائد اور اسناد درج کر رہے ہیں۔ جو بزرگوں سے ہم تک پہونچے۔

ضرورت مندوں کو چاہیئے کہ وہ قرآن مجید کو اپنے لئے دین و دنیا میں کامیابی کے حصول کا ذریعہ بنائیں۔

سُورۂ فاتحہ کی خصُوصَیات

حضور رحمت عالمؐ نے فرمایا ہے کہ جو اس عظیم سُورت کو سوتے وقت مع معوذتین اور اخلاص کے تین بار روزانہ پڑھے گا۔ سوائے موت کے ہر آفت سے محفوظ رہے گا۔ حضورؐ نے مزید فرمایا کہ یہ سورت ہر مرض کے لیے شفا ہے۔ جب کوئی مصیبت پیش آئے تو سورۂ اخلاص کے ساتھ سورۂ فاتحہ کی تلاوت کیا کریں۔ کسی بھی جائز مُراد کے حصول کے لیے شنبہ کے دن نہا دھو کر سورۂ فاتحہ کا ورد کریں تو انشاء اللہ مراد بر آئے گی۔

اس سورہ کو ہمیشہ پڑھنے والے پر کسی قسم کا جادو ٹونا موٹھ بان اثر نہیں کر سکتا۔ اور نہ ہی کوئی خبیث روح اس کو ستا سکتی ہے۔ ذیل

میں ہم سورۂ فاتحہ کا نقش تحریر کر رہے ہیں۔ جب بھی کوئی مہم یا ضروری کام پیش آئے نقش کو اپنے ساتھ لے جائیں۔ اس کی برکت سے ہر میدان میں کامیابی کی گارنٹی ہے۔

حضورؐ نے فرمایا کہ جو سوتے وقت سورۂ فاتحہ اور آیۃ الکرسی شریف مکمل سورۂ اخلاص تین بار اور معوذتین تین تین بار پڑھتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کی حفاظت کے لیے دو فرشتے مقرر کرتا ہے اور اگر وہ اسی رات کو مرجاتا ہے تو اللہ پاک اس کا ہر گناہ بخش دیتا ہے۔ سبحان اللہ!

نقش سورۂ فاتحہ شریف یہ ہے۔

۷۸۶

۲۳۶۵	۲۳۶۸	۲۳۷۱	۲۳۲۵
۲۳۷۰	۲۳۵۸	۲۳۶۳	۲۳۲۶
۲۳۵۵	۲۳۷۳	۲۳۶۶	۲۳۶۳
۲۳۹۵	۲۳۶۱	۲۳۶۰	۲۳۷۱

سورۂ بقرہ کی خصوصیات

یہ سورہ جو کوئی دن میں سات بار روز پڑھا کرے وہ جمیع امراض سے محفوظ رہے گا اور جس شخص کے پاس سورۂ بقرہ کا نقش ہوگا اس پر کسی قسم کا آسیب، جن، بھوت سحر وغیرہ اثر نہ کریں گے۔ اور جہاں جائے گا، کامیابی اس کے قدم چومے گی۔ حاکم وقت اس کی عزت

کرے گا۔ خاندان اور شہر والے اس سے مرعوب رہیں گے اور اس کی ہر دلعزیزی میں اضافہ ہوگا۔ اگرچہ قرآن مجید کی صرف ایک آیت کی تعریف لکھی جائے تو کبھی ختم نہ ہو سکے چہ جائیکہ اتنی بڑی سورت۔ مگر ہم اتنے پر ہی اکتفا کرتے ہیں۔ خداوند کریم سے ہر وقت دعا مانگیں کہ وہ ہمیں قرآن کریم کی روحانی طاقت سے فیضیاب ہونے کی توفیق عطا فرمائے۔

نقش سورۂ بقرہ یہ ہے۔

۷۸۶

۲۳۶۹۰۲	۲۳۰۹۰۵	۲۳۶۹۰۰	۲۳۶۸۹۳
۲۳۶۹۷	۱۳۶۸۹۵	۲۳۶۹۵	۲۳۶۹۰
۲۳۶۸۹۶	۲۳۶۹۱۰	۲۳۶۹۰۳	۲۳۶۹۲
۲۳۶۹۴	۲۳۶۸۶۹	۱۳۶۸۹۷	۲۳۶۹۰۹

نوٹ: جس کو صرع کی تکلیف ہو تو سورۂ بقرہ گیارہ بار پڑھ کر دم کریں صرع دور ہو جائے گا۔

سورۂ یٰسٓ شریف کی خصوصیات

حضور سرور کائنات نے ارشاد فرمایا ہے کہ ہر شے کا ایک دل ہوتا ہے اور قرآن مجید کا دل سورۂ یٰسٓ ہے۔ اس عظیم الشان سورۃ کے فوائد لکھے جائیں تو ایک دفتر بھی تھوڑا ہو جائے گا۔ مختصراً یہ کہ اگر غریب پڑھے تو امیر ہو جائے بیمار پڑھے تو تندرست ہو جائے۔ اور آسیب والے پر دم کیا جائے۔

تو آسیب بھاگ جائے۔ مرنے والے کے پاس پڑھی جائے تو سکرات موت آسان ہو جائے بے روزگار پڑھے تو اللہ اسے کاروبار سے لگا دے غرض دنیا کی کوئی ضرورت ایسی نہیں کوئی مصیبت ایسی نہیں جو اس سورۃ کو پڑھنے سے آسان نہ ہو جائے۔ اس سورہ شریف کا نقش بنا کر ہمیشہ ساتھ رکھنے والا دنیاوی آفات سے محفوظ رہے گا۔

نقش سورہ یٰسٓ شریف یہ ہے۔

۷۸۶

۴۴۹	۴۴۶	۴۵۱	۴۴۰	۴۵۲	۴۲۳
۴۴۷	۴۲۵	۴۴۴	۴۴۵	۴۲۸	۴۲۲
۴۳۷	۴۳۱	۴۴۱	۴۴۳	۴۳۰	۴۲۰
۴۳۴	۴۳۴	۴۴۰	۴۴۹	۴۳۵	۴۳۱
۴۲۷	۴۳۳	۴۲۹	۴۴۶	۴۴۶	۴۴۳
۴۴۸	۴۲۱	۴۱۹	۴۵۵	۴۲۲	۴۵۲

سورۂ مومن کی خصوصیات

اس سورہ کی برکت یہ ہے کہ اگر اس کو لکھ کر دوکان پر لگائے تو کاروبار میں روز افزوں ترقی ہو۔ خریدار غیب سے آئیں۔ اس سورہ کا پڑھنے والا دشمنوں پر فتحیاب ہو۔ اگر کسی کو پھوڑے پھنسی کا مرض ہو تو اس کا نقش دھو کر پلائیں۔ اللہ شفا دے گا۔ سورۂ مومن کا نقش ذیل میں درج

Presented By: https://jafrilibrary.com/

کیا جارہا ہے۔

۷۸۶

۹۲۱۳۰	۹۲۱۴۰	۹۲۱۳۴	۹۲۱۳۳
۹۲۱۳۶	۹۲۱۲۴	۹۲۱۲۹	۹۲۱۳۵
۹۲۱۲۵	۹۲۱۳۹	۹۲۱۳۲	۹۲۱۲۸
۹۲۱۴۳	۹۲۱۲۷	۹۲۱۲۶	۹۲۱۳۸

خصوصیات سورۂ فتح

اس سورۂ شریف کو پڑھنے والا اپنے دشمن پر فتح پاتا ہے۔ اگر اکتالیس بار پڑھ کر جنگ میں شریک ہو تو فتح یقینی ہے۔ رمضان شریف کے چاند کے سامنے پہلے ہی دن کھڑے ہو کر تین بار سورہ فتح پڑھنے سے سال بھر تک پڑھنے والے کے گھر میں کامیابی و کامرانی کا مینہہ برستا ہے جو کوئی اسے تعویذ بنا کر اپنے پاس رکھے جلنے والے اور اس پر حسد کرنے والے کینہ پرور دشمن ذلیل و خوار ہوں۔

ذیل میں اس سورۃ کا نقش درج کیا جاتا ہے۔

تاکہ بندگانِ خدا کو فیض کمال حاصل ہو۔

سورۂ فتح شریف کا نقش اگلے صفحہ پر۔

(دیکھیے صفحہ ۴۶)

۷۸۶

۲۵۷۲۲	۲۵۷۳۶	۲۵۷۲۹	۲۵۵۵
۲۵۷۲۸	۲۵۷۱۶	۲۵۷۲۱	۲۵۷۲۷
۲۵۷۱۷	۲۵۷۳۱	۲۵۷۲۳	۲۵۷۲۰
۲۵۷۲۵	۲۵۷۱۵	۲۵۷۱۹	۲۵۷۳۰

سُورۂ رحمٰن شریف کی خصوصیات

یہ سورۂ شریف نہایت متبرک اور نفع بخش ہے اس سورہ کو بعد نماز گیارہ بار پڑھنے سے دل کی ہر مُراد پوری ہوتی ہے۔ اس سورہ کو دھو کر پینے سے ہر مرض میں شفا حاصل ہوتی ہے۔ اگر اس کا پانی دھو کر گھر کی دیواروں پر چھڑکیں تو گھر میں زہریلے جانوروں کا وجود باقی نہ رہے اس کا ہمیشہ پڑھنا دین و دنیا میں سرخرو رہنے کی ضمانت ہے۔ اس سورۂ شریف کا نقش ہمیشہ اپنے پاس رکھنا چاہیے۔

نقش معظم یہ ہے۔

۷۸۶

۳۰۳۰۳	۳۰۳۰۶	۳۰۳۰۹	۳۰۳۰۹۶
۳۰۳۰۸	۳۰۲۹۷	۳۰۳۰۳	۳۰۳۰۷
۳۰۳۰۰	۳۰۳۱۱	۳۰۳۰۴	۳۰۳۰۱
۳۰۳۰۵	۳۰۳۰۰	۳۰۲۹۹	۳۰۲۰۱

سورۂ واقعہ شریف کی خصوصیات

اس سورہ شریف کی اسناد بے شمار ہیں۔ چند لفظوں میں اس قدر کہا جاسکتا ہے کہ اس کو روزانہ پڑھنے والا کبھی فاقہ کشی کا شکار نہ ہو۔ ۴۱ بار پڑھ کر خدائے پاک سے دعا مانگیں تو حق تعالیٰ اپنے کلام کی برکت سے دل کی ہر مراد پوری کرے گا۔ اگر اس کا تعویذ بنا کر پاس رکھیں تو کبھی کوئی دشمن زیر نہ کر سکے اور کوئی جن بھوت پلید اور بد اثر اس پر اپنا سایہ نہ ڈال سکے۔ اس سورہ شریف کا خاص عمل تحریر کیا جا رہا ہے جو کشائش رزق کے لئے تیر بہدف ہے۔ عمل اس طرح کہ جمعہ کے دن سے ہر فرض نماز کے بعد پچیس بار یہ سورہ تلاوت کی جائے اور یہ سلسلہ آئندہ جمعہ کی عشاء تک جاری رہے پھر بارگاہ خداوندی میں دعا مانگے۔ یہ عمل صلحائے کاملین کا آزمودہ ہے۔ اس سورہ شریف کا نقش ذیل میں درج کیا جا رہا ہے۔ اس کو پاس رکھیں تو اس کی برکت سے کوئی بھی آفت حامل نقش تک پہنچ نہ سکے گی۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۵۷۴۱	۲۵۷۴۴	۲۵۷۴۷	۲۵۷۳۴
۲۵۷۴۹	۲۵۷۳۲	۲۵۷۴۰	۲۵۷۴۵
۲۵۷۲۵	۲۵۷۳۱	۲۵۷۴۲	۲۵۷۲۹
۲۵۷۴۲	۲۵۷۳۸	۲۵۷۴۹	۲۵۷۴۰

۹۹۹۹

سورۂ منافقون کی خصوصیات

اگر کسی کے اپنے ہی لوگ برائی پر اتر آئیں تو بڑا مشکل ہو جاتا ہے کیونکہ سامنے کے دشمن سے تو مقابلہ کرنا آسان ہوتا ہے مگر منافقین سے بھڑنا بہت مشکل ہوتا ہے۔ اس سورہ کا پڑھنے والا منافقوں پر ہمیشہ فتحیاب ہوتا ہے اس کا نقش پاس رکھنے سے کامیابی و کامرانی ہمیشہ ساتھ دیتی ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۷۳۵۵	۴۰۸	۱۷۷	۷۷۵۳
۱۷۷۵۰	۱۵۳۰	۱۵۷	۷۷۵۴
۱۷۷۵۱	۱۵۶	۱۷۷	۱۷۷۴۹

سورۂ تحریم کی خصوصیات

اگر کوئی شخص مقروض ہو تو اس کو ہمیشہ سورۂ تحریم کی تلاوت کرنی چاہیے۔ اللہ پاک دستِ غیب سے اس کا قرض ادا کر دیں گے۔ اگر دشمن ناجائز ستا رہا ہو تو خداوند کریم سورۂ تحریم پڑھنے والے کو دشمنوں کے فتنے سے بچائے گا۔ یہ نقش ہمیشہ اپنے پاس رکھیں۔

(نقش اگلے صفحہ پر دیکھئے)

۷۸۶

۳۳۱۹۹	۳۳۱۹۴	۳۳۲۱۰
۳۳۲۰۰	۳۳۱۹۸	۳۳۱۹۶
۳۳۱۹۵۰	۳۳۲۰۱	۳۳۱۹۷

سورۂ نساء کی خصوصیات

اس سورہ کو لکھ کر کسی بھی بدچلن عورت کو پلایا جائے تو وہ نیک بخت ہو جائے اگر اس کا نقش اپنے پاس رکھا جائے تو شیطان کے سب سے بڑے فتنے یعنی نفسانی خواہشات اور زنا جیسے گناہوں سے محفوظ رہے اور اس پر ابلیس علیہ اللعنۃ کا کوئی داؤ نہ چل سکے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۸۴۸۱۲	۲۸۴۸۲۶	۲۸۴۸۲۹	۲۸۴۸۱۵
۲۸۴۸۲۷	۲۸۴۸۱۶	۲۸۴۸۲۲	۲۸۴۸۲۷
۲۸۴۸۱۷	۲۸۴۸۳۱	۲۸۴۸۲۳	۲۸۴۸۲۱
۲۸۴۸۲۵	۲۸۴۸۲۰	۲۸۴۸۱۸	۲۸۴۸۳۰

سورۂ یوسفؑ کی خصوصیات

یہ سورہ کھویا ہوا مرتبہ جاہ و عزت کو پھر واپس دلانے کے لئے ایک خاص درجہ رکھتی ہے۔ اگر ملازم نوکری سے معطل ہو گیا ہو یا حاکم معزول

Presented By: https://jafrilibrary.com/

کر دیا گیا ہو تو ایسے لوگوں کو اس کا تعویذ بنا کر گلے میں ڈالنا چاہیئے۔ اور ہر نماز کے بعد اس کا ورد کرنا چاہیئے۔ اور اس کا پانی دھو کر پلانا چاہیئے۔ یہ سورہ حضرت یوسفؑ کے واقعات پر مشتمل ہے۔ اس کی ایک خاص خصوصیت یہ ہے کہ اگر بچھڑا ہوا کوئی شخص پڑھے تو اپنے رشتہ داروں سے جا ملے اور رشتہ دار پڑھیں تو ان کا کھویا ہوا عزیز مل جائے۔ اس سورۂ شریف کا حسب ذیل نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۲۵۹۵۴	۱۲۵۹۹۸	۱۲۶۰۰۱	۱۲۵۹۵۷
۱۲۶۰۰۰	۱۲۵۹۸۸	۱۲۵۹۹۳	۱۲۵۹۹
۱۲۵۹۸۹	۱۲۵۰۰۳	۱۲۵۹۹۹	۱۲۵۹۹۲
۱۲۵۹۸۹	۱۲۵۹۹۱	۱۲۵۹۹۰	۱۲۵۰۰۲

سورۂ ابراہیمؑ کی خصوصیات

اگر کوئی آدمی کسی وجہ سے نامرد ہو جائے تو ہر روز سورہ ابراہیمؑ کی تلاوت کرے اللہ اس پر اپنا فضل کرے گا۔ اگر اس کا نقش اپنے پاس رکھا جائے تو حصول عزت و حشمت اور محفوظی آفات ہے اور بچوں کے گلے میں باندھنے سے نظر بد اور جن بھوت پلید اس پر اثر نہیں کرتے۔ آنکھ کی بیماری میں اس نقش کو دھو کر پانی آنکھ میں ڈالیں۔ بیماری دور ہو جائیگی

(نقش سورۂ ابراہیم اگلے صفحہ پر)

(نقش سورۂ ابراہیم اگلے صفحہ پر)

❖ ❖ ❖

۷۸۶

۶۱۳۵۹	۶۱۳۵۷	۶۱۳۴۰	۶۱۳۴۷
۶۱۳۵۹	۶۱۳۴۸	۶۱۳۵۳	۶۱۳۵۸
۶۱۳۴۹	۶۱۳۶۲	۶۱۳۵۵	۶۱۳۵۲
۶۱۳۵۶	۶۱۳۵۸	۶۱۳۵۰	۶۱۳۶۱

خصوصیات سورۂ جن

اس سورۃ کے خواص پر کتاب کے آغاز میں روشنی ڈالی جا چکی ہے اگر کوئی
س کا چلّہ کر کے جن و پری دیو وغیرہ قبضہ میں نہ بھی کرے تو بھی اس کا پڑھنا
جب خیر و برکت ہے اور اس کا نقش پاس رکھنے کا مطلب یہ ہے کہ جملہ آسیب
ائیں اس پر اپنا کوئی اثر نہیں ڈال سکتیں۔ سورۂ جن کی خصوصیات کے لئے
علیحدہ کتاب کی ضرورت ہے اور اس مختصر سی کتاب میں قطعاً گنجائش
یں۔ مکمل نقش سورۂ جن شریف یہ ہے۔

۷۸۶

۱۸۵۷۸	۱۸۵۸۱	۱۸۵۸۲	۱۸۵۷۱
۱۸۵۸۳	۱۸۵۷۲	۱۸۵۷۷	۱۸۵۸۲
۱۸۵۸۳	۱۸۵۷۸	۱۸۵۷۹	۱۸۵۷۴
۱۸۵۷۸	۱۸۵۷۵	۱۸۵۷۳	۱۸۵۸۵

سورۂ مزمل شریف کی خصوصیات

اس سورۂ شریف کا باقاعدہ تلاوت کرنے والا حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے دیدار سے شرفیاب ہوتا ہے اور دنیا میں اس سے بڑی دولت اور کیا ہوگی کہ آقا کا دیدار ہو جائے۔

اس سورۃ کے نقش کو ہر وقت ساتھ رکھنا اپنے آپ کو تمام دنیاوی مصیبتوں سے محفوظ رکھنا ہے۔ اس سورۃ کے نقش کو گھول کر جس مریض کو پلا دیا جائے۔ اللہ پاک اس کو شفایاب کر دے۔ اور جو بھی مشکل درپیش ہو۔ اس کی تلاوت کریں تو مشکل حل ہو جائے اور دنیا کی عزت شامل حال ہو جائے۔ دراصل یہ اللہ پاک کا عظیم انعام ہے۔ اس عظیم سورۂ شریف کا نقش یہ ہے

۷۸۶

۲۲۸۲۵	۲۲۸۱۸	۲۲۸۲۳
۲۲۸۲۰	۲۲۸۲۲	۲۲۸۲۴
۲۲۸۲۱	۲۲۸۲۸	۲۲۸۲۹

مندرجہ بالا نقش اور اعمال ہم نے استاد محترم کے تجربے اور اپنے عقیدے کی بنا پر درج کر دیئے ہیں۔ جو بھی عمل بیان کیے گئے ہیں وہ کتاب اللہ اور شریعت کے قوانین کے عین مطابق ہیں۔ ان عملیات میں وہ تمام بیہودہ اور خارق العادت جادو ٹونے اور سفلی عملیات شامل نہیں ہیں ان عملیات کو ہی بیان کیا گیا ہے جو عامل آسانی سے کر سکے۔ آگے چل کر

ہم مختصر طور پر چند وظیفے درج کرتے ہیں جو ہر لحاظ سے نشانۂ اجابت پر پہنچتے ہیں۔ قریباً تمام وظائف آزمودہ ہیں اور بزرگانِ دین وصوفیائے کرام کے عطا کئے ہوئے ہیں۔

اگر دشمن سے خطرہ ہو

ہر نماز کے بعد آیت کریمہ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ کا ورد کریں۔ انشاءاللہ دشمن کمزور ہو جائے گا دل کی مراد بر آئے گی۔ اور دل میں تقویت پیدا ہوگی۔

کسی بھی ضرورت کے وقت اس آیتِ کریمہ کو وتر کی آخری رکعت کے آخری سجدے میں چالیس بار پڑھا جائے اور پھر خداوند کریم سے دعا مانگی جائے تو ہر دعا قبول ہوتی ہے۔

اگر دل میں جن و آسیب کا خوف ہو

تو فوراً سورۂ اخلاص پڑھ لیا کریں۔ سوتے وقت بھی سورۂ اخلاص پڑھ کر دم کر لیا کریں تو شیطان اور آسیب قریب نہ آئیں گے اور قلب نورِ الٰہی سے معمور رہے گا۔

کوئی بھی مشکل درپیش ہو

تو فوراً درود شریف کا ورد شروع کر دیں۔ درود شریف دل کو تقویت

دیتا ہے اور ذہن کو نورِ ایمان سے منوّر کر دیتی ہے۔ کسی بھی نماز کے بعد سو بار کلمۂ طیبہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ کا ورد کرنا مصیبت کو رفع کرنے کی ضمانت ہے۔ اگر جمعہ کے دن بعد نماز جمعہ پاک صاف ہو کر سو بار درود شریف پڑھیں اور حضور سرور کائناتؐ کا خیال کرکے اسی جگہ سو جائیں تو دیدارِ نبویؐ حاصل ہو۔ انشاء اللہ۔

اگر دشمنوں سے جانی خطرہ ہو

تو سورۂ تَبَّتْ یَدَا تین ہزار بار پڑھیں۔ ہر بار بسم اللہ شریف ضرور پڑھیں اور وظیفے کے خاتمے پر اللہ پاک سے حفظ و امان کی دعا مانگیں۔ انشاء اللہ دشمن ذلیل و خوار ہوں گے۔

دشمن کو ہلاک کرنا ہو

تو سورۂ فیل روزانہ سو بار پڑھا کریں۔ خداوند کریم آپ کے دشمن کو ایذا سے باز رکھیں گے۔ یا تو اس کا خاتمہ ہو جائے گا۔ مگر واضح ہو کہ مقصد جائز ہو اگر آپ ظالم ہیں تو عمل الٹا ہو سکتا ہے۔

محتاجی اور غریبی دور ہونے کیلئے

ستر بار روزانہ بعد نمازِ عشاء، سورۂ قریش کا وظیفہ کرنا چاہیے اول و آخر سو سو بار درود شریف پڑھنا چاہیے۔ خداوند کریم اپنی رحمت سے

استغناء عطا فرمائیں گے۔

اگر کوئی عزیز گم ہوگیا ہو

تو چاہیے کہ روزانہ بعد نماز عشاء کم از کم سو بار سورۃ وَالضُّحٰی کا وظیفہ کریں اور بیس دن میں کم از کم دو ہزار کی تعداد مکمل کریں۔ انشاء اللہ اسی درمیان عزیز مل جائے گا۔ مگر وظیفہ پورا کیا جائے اور دوگانہ شکر ادا کیا جائے۔

اگر کوئی ناحق قید ہو

تو اسے چاہیے کہ مندرجہ ذیل آیت روزانہ ایک سو انیس ۱۱۹ بار پڑھا کرے خدا چاہے تو بہت جلد رہائی عمل میں آئے۔ آیت یہ ہے۔

اِنَّ رَبِّیْ لَطِیْفٌ لِّمَا یَشَآءُ اِنَّهٗ هُوَ الْعَلِیْمُ الْحَكِیْمُ۔

دورانِ سفر میں

رہزنوں اور درندوں کا خوف ہو تو سورۃ اَعْلٰی کا ورد جاری رکھنا چاہیے۔ اللہ اسے اپنی حفظ و امان میں رکھ کر سلامت منزلِ مقصود تک پہنچا دیں گے۔

شیطان کے شر سے محفوظ رہنے کیلئے

جب بھی موقع ملے تو سورۃ نَاس کا ورد رکھنا چاہیے خداوند کریم کی مہربانی سے ابلیس لعین اور اس کی ذریات نیز بھوت پلید اور بد ارواح اس

پر کچھ اثر نہ کر سکیں گی۔

چند مخصوص تعویذات و عملیات سے فیض اٹھایئے

دینِ اسلام کے دشمنوں پر فتح حاصل ہوگی

روایت ہے کہ ایک بار حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے حضرت خضر علیہ السلام کی ملاقات ہوئی حضرت علیؑ نے حضرت خضرؑ سے عرض کیا کہ حضرت مجھے کوئی دُعا بتایئے کہ میں کفار کے شر سے محفوظ رہوں۔ خضرؑ نے فرمایا کہ یہ دُعا پڑھا کیجیے۔ ہمیشہ فتحمند رہیں گے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ الٓمّٓ وَالٓمّٓ وَالٓمّٓصٓ وَالٓرٰ وَالٓرٰ الٓمّٓرٰ وَكٓھٰیٰعٓصٓ وَطٰهٰ وَطٰسٓمّٓ وَطٰسٓ وَطٰسٓمّٓ وَیٰسٓ وَصٓ وَحٰمٓ وَحٰمٓ عٓسٓقٓ وَحٰمٓ وَحٰمٓ وَحٰمٓ وَحٰمٓ وَقٓ وَنٓ وَیَا مَنْ ھُوَ ھُوَ ھُوَ اِلَّا ھُوَ اغْفِرْلِیْ وَانْصُرْنِیْ اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔

دین کے دشمن ناکام رہیں گے

اگر دینِ اسلام کے دشمن بہت تنگ کر رہے ہوں تو چاہیے کہ مندرجہ ذیل نقش زعفران سے تحریر کرکے دشمنوں کے بیٹھنے اٹھنے کی جگہ یا گھر میں ڈال دیں۔ تو اللہ پاک انھیں ذلیل و خوار کر دے گا۔ اور حق و صداقت کی راہ پر

چلنے والوں کی فتح و کامرانی یقینی ہے۔

دشمن ذلیل و خوار ہو

مندرجہ ذیل نقش کو تانبے کے پتر پہ تحریر کر کے اگر دشمن کے گھر میں رکھ دیں یا دفن کر دیں تو دشمن اس قدر ذلیل ہو گا کہ گھر چھوڑ کر بھاگ جائے گا۔ مجرب عمل ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۸	۵۳	۳۹	۴۹
۳۲	۴۴	۵۶	۵۲
۵۴	۴۳	۳۰	۵۷
۵۵	۳۱	۴۸	۳۵

مگر شرط یہ ہے کہ دشمن کی نظر نہ پڑنے پائے کہ نقش کس نے اور کب کہاں رکھا ہے۔ ورنہ اثر جاتا رہے گا۔ دشمن کو کسی طرح معلوم نہ ہونا چاہیئے کہ کب نقش اس کے گھر پہنچ چکا ہے۔ اس کام میں احتیاط سے کام لیں۔

دشمنِ دین پر غالب رہیں

مندرجہ ذیل نقش کو ایک کاغذ پر اس طرح تحریر کریں کہ لکھنے والے پہلے دو رکعت نماز پڑھیں اور پہلی رکعت میں فاتحہ کے بعد سورۃ الکفرون پڑھیں اور دوسری رکعت میں فاتحہ کے بعد سورہ فلق پھر سلام پھیر دیں اور دشمن کے شر سے خدائے تعالےٰ سے دعا مانگ کر مندرجہ ذیل نقش کو زعفران سے لکھیں اور ہر وقت اپنے پاس رکھیں۔ خدا نے چاہا تو دشمنوں کے شر سے محفوظ رہیں گے۔ نقش مذکور یہ ہے۔

۷۸۶

۴۲۱۱	۲۲۲۱	۴۴۴	۶۲۶۰	۴۲۲۱	۲۲۴	۲۲۴۷
۴۲۲۵	۳۰۴۸	۲۳۱۳	۴۴۵	۴۳۶۱	۴۳۴۱	۲۴۴۳
۶۶۳	۳۲۴۲	۳۵۶	۲۴۶	۴۲۴۲	۴۲۱۳	۴۲۲۹
۴۳۵۱	۲۳۳۰	۲۴۵۹	۲۲۲۴	۳۳۷	۳۳۵	۲۳۱۴
۴۲۱۹	۴۲۱۵	۴۲۵۷	۴۴۱	۴۲۷	۴۴۱۸	۲۸۴۴
۴۲۱۸	۲۲۲۳	۴۲۱۶	۴۲۱۶	۲۲۳۹	۴۲۴۲	۵۸۴۴
۱۳۴۲	۹۲۵۹	۴۴۲	۴۲۳	۲۲۳۹	۳۱۷	۲۳۳

Presented By: https://jafrililibrary.com/

رزقِ کثیر حاصل ہوگا غریبی دُور ہو جائے گی

اگر کوئی مرد مومن اس قدر پریشان ہو کہ نان شبینہ کو محتاج ہو تو ذیل کے نقش کو مشتری کے شرف میں چاندی کی پتری پر تحریر کریں۔ جو بھی نقاشی کرے وہ روزہ دار ہو اور پتری کو مصطگی اور عود اور زعفران کی دھونی دی جائے تو خدا نے چاہا، چند روز بعد ہی اللہ غیب سے روزی عطا فرمائے گا۔ طمعِ دنیاوی کے لئے نقش اثر نہ کرے گا۔ یاد رہے اس نقش کو گھر کے پاک مقام پر آویزاں کر دیا جائے۔ نقش یہ ہے۔

خدا کی قدرت سے مفلسی دُور ہو جائے گی

اگر کوئی بہت مفلس ہو تو اسے چاہیے کہ ماہ شعبان کی پندرھویں شب

کو غسل کر کے پاکیزہ لباس زیب تن کرے اور سات کو جمعہ کے بعد یہ [illegible] پڑھے۔ مفلسی دور ہو جائے گی۔ نیز مندرجہ ذیل نقش کو اسی رات میں لکھ کر اپنے پاس رکھے تو غیب سے دولت حاصل ہو گی۔ بہتوں کا آزمودہ ہے۔

اس نقش کو ویسے تو کسی بھی نیک ساعت میں لکھا جا سکتا ہے۔ مگر پندرہویں شعبان کی شب کو لکھنے پر اس میں خاص طور پر تیزی اور قبولیت فوری طور پر جلدی پیدا ہوتی ہے۔

۴ ۴ ۸۳۵۳۵۶۱ ۳۱۵ ۳۱۳

۹۵ ۱۱ ۲۷ ۴ ۸۹۷ ۱۵۱
۱۱۱۱ ۸ ۴۴۴۴۳۶ ۴۴۴ ۳ ۸۷
۱۰۳ ۱۰۷ ۱۷ ۱۰ ۱۲ ۱ ۳ ۱۳ ۸۴۰۶
۱۸ ۱۲ ۰۸۱۲ ۱۳ ۱۳۱۲ ۴۳۱
۷ ۶۵ ۸ ۱۲ ۱۳ ۱۲۴۳۱
۱۸ ۳ ۳۵۶۸ ۶۸۲۳ ۱۱۲۰۰۲
۲۱۰ ۶ ۴ ۴ ۶۴۴۶۱ ۰۴۰۴ ۰۳۱

۶۵۶۷۲۲۰۸۱۹۳۶۹۰۰۰۸۸۱۰۵۳

۱۲۲۴۵۲۸۸۹۱۸۱۴۲۵

۰۲۰۲۱۴۱۰۰۸۱۷۶۷۴۰۰۶۱۰۴

عجب نہیں کہ حامل نقش ہذا کو خزانہ یا دفینہ ہی نظر آ جائے مگر جب بھی روزی میں ترقی ہونے لگے تو جس قدر زیادہ ممکن ہو خیرات اور غرباء کی دیکھ بھال کرنی چاہیئے۔

یاد رہے کہ اگر غیب سے روزی حاصل ہونے لگے تو پھر اس میں

نیک کام اور خیرات بے حد فائدہ مند ہوتی ہے اور اس حاصل شدہ دولت میں اضافہ ہوتا ہی جاتا ہے۔

دستِ غیب سے رزق حاصل ہوگا[1]

اگر کوئی ضرورت مند ہو اور دنیا کے کسی آدمی کا سہارا باقی نہ رہ گیا ہو تو مندرجہ ذیل عمل کرے۔ جمعہ کے دن پہلی ساعت میں یَا بَاسِطُ ایک ہزار بار پڑھے اس طرح روزانہ کا معمول بنالے اور یہ نقش اپنے پاس رکھے تو بہت جلد غنی ہو جائے۔ نقش یہ ہے۔

ایضاً

مندرجہ ذیل نقش کو تحریر کر کے پاس رکھے اور پندرہویں شعبان

[1] مفصل عملیات کے لئے ہماری خاص کتاب اسم اعظم دیکھیے۔

کی رات میں ایک ہزار بار یَا رَزَّاقُ پڑھے تو بہت جلد غنی ہو جائے اور پھر کسی کے آگے زندگی بھر ہاتھ نہ پھیلانا پڑے۔ مگر سب سے بڑی بات ہے کہ صدقِ نیت کے ساتھ خدا پر یقین رکھے۔ کیونکہ دنیا فانی ہے جو کچھ ہے وہ سب خداوند کریم کا ہی بنایا ہوا ہے۔ اور وہی دینے والا داتا ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

ر	ز	ا	ق
۷	۲	۷۲۹	۸۱
۸۹۸	۷۸	۱۰	۸
۴	۹	۷۹	۷۹۸

بے پناہ رحمتوں کا نزول ہو گا

اگر گھر میں مفلسی اور بدحالی کا دور دورہ ہو تو پریشان ہونے کی ضرورت نہیں۔ اللہ پر کامل بھروسہ رکھتے ہوئے روزانہ ایک ہزار بار مَالِکُ الْمُلْکِ بِغَیْرِ حِسَابٍ تک پڑھا کریں۔ تو خدا کی بے پایاں رحمتوں کا نزول ہو گا اور نحوست کے بادل چھٹ جائیں گے۔

اللہ کے کلام میں بڑی برکت ہے اور اللہ کے کلام میں تاثیر ہے کہ جہاں پر قرآن مجید پڑھا جاتا ہے۔ رحمتِ الٰہی نازل ہوتی ہے۔ اس عمل کی بات چھوڑ کر یوں بھی آیاتِ قرآنی کا پڑھنا باعثِ رحمت ہے۔ مذکورہ بالا وظیفے کے ساتھ ہی یہ نقش بھی لکھ کر گھر میں لٹکا دیں۔ نقش

یہ ہے۔

۷۸۶

۲۴۸	۳۰۵	۲۰۴	۳۱۲	۲۹۲	۲۲۱	۲۲۷	۲۹۶	۲۹۳
۱۹۷	۲۵۵	۲۱۴	۲۲۳	۲۹۳	۱۷۱	۲۳۴	۲۳۴	۲۲۳
۲۵۶	۲۰۶	۲۱۴	۲۴۳	۲۷۲	۲۳۱	۲۳۵	۲۴۸	۲۹۸
۲۰۷	۲۶۵	۲۱۵	۲۷۳	۲۳۶	۲۳۶	۲۳۹	۱۹۹	۲۵۷
۲۲۶	۲۲۸	۲۸۴	۲۲۳	۲۳۷	۲۵۰	۳۰۰	۲۵۸	۲۵۷
۲۱۷	۲۷۵	۲۲۵	۲۳۸	۲۴۲	۲۰۱	۲۵۹	۲۰۹	۲۹۷
۲۷۶	۲۳۸	۲۲۹	۲۴۳	۲۰۲	۲۵۱	۲۱۰	۲۶۸	۲۱۸
۲۲۷	۲۴۰	۲۴۲	۲۰۳	۲۵۲	۲۱۱	۲۶۰	۲۱۹	۲۷۷
۲۶۱	۲۶۵	۲۰۴	۲۰۳	۲۱۲	۲۴۱	۲۳۰	۲۶۹	۲۲۸

بھاگا ہوا چور مل جائے گا [1]

اگر کسی کا مال لے کر کوئی چور فرار ہو گیا ہو اور اس کا گرفتار ہونا مشکل ہو رہا ہو تو ذیل کے نقش اعظم کو زعفران سے تحریر کریں۔ اور درمیانی دائرے میں چور کا نام مع ولدیت تحریر کر دیں اور مکان کے کسی پاک مقام پر رکھ کر لوہے کی کیلیں گاڑ دیں اور اوپر سے مٹی ڈال دیں تو چور خود بخود گرفتار ہونے چلا آئے گا۔ آزمودہ عمل ہے۔

(نقش اعظم اگلے صفحہ پر دیکھئے)

[1] تفصیلی معلومات کے لئے ہماری کتاب "عملیات تسخیر دل" ملاحظہ فرمائیں۔

Presented By: https://jafrilibrary.com/

چھوٹے چھوٹے مگر خاص عمل

(۱) درود شریف ہر وقت پڑھا کریں تو خداوند کریم تمام مشکلات سے نجات دیں گے۔

(۲) جب بھی کوئی مشکل درپیش ہو آیۃ کریمہ شروع کر دیں۔ آیۃ کریمہ یہ ہے
لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ۔
مشکل دور ہو جائے گی۔

(۳) اگر کسی کو سخت بخار کی شکایت ہو تو زمین پر مندرجہ ذیل نقش لکھیں اور

پانچ جوتے نقش پر ماریں بخار دور ہوگا۔ نقش یہ ہے۔

نمرود
شداد
ہامان
فرعون

آزمودہ عمل

اگر کسی پر ہر وقت غنودگی طاری رہتی ہو۔ کسی کے آواز دینے پر بھی پلکیں بڑی مشکل سے اٹھتی ہوں۔

اگر کسی پر ٹونا یا جادو کا اثر ہو تو انشاءاللہ اس عمل سے آناً فاناً خاطر خواہ فائدہ ہوگا۔ جو بھی چاہے آزما کر فائدہ اٹھائے۔

سب سے پہلے ایک بوتل میں پانی بھر کر سامنے رکھے اور اعوذ باللہ۔ بسم اللہ کے ساتھ بیس مرتبہ سورۂ ناس پڑھ کر اس پانی پر دَم کرے۔ پھر سورۂ کافرون سورۂ اخلاص، سورۂ فلق اور سورۂ ناس ایک ایک مرتبہ پڑھ کر اس پانی پر دَم کرے۔ مگر اوّل و آخر گیارہ، گیارہ مرتبہ درود شریف بھی پڑھے۔ اور پانی مریض کو تین دن تک پلائے۔

بعد ازاں جب آفتاب نکلے تو اس نقش کو لکھ کر موم جامہ کرے اور مریض کے گلے میں پہنادے۔ (نقش اگلے صفحہ پر ملاحظہ ہو)

۷۸۶

۴۷۰۱	۴۷۰۴	۴۷۰۷	۴۶۹۴
۴۷۰۶	۴۶۹۵	۴۷۰۰	۴۷۰۵
۴۶۹۶	۴۷۰۹	۴۷۰۲	۴۶۹۹
۴۷۰۳	۴۶۹۸	۴۶۹۷	۴۷۰۸

نقشِ یَا بدّوح

اگر کسی عورت، مرد یا بچے کو تپِ لرزہ ہو یا کسی دیو، جن، پری یا شیطان کا خوف غالب ہو یا نامعلوم سا خوف دماغ پر مسلط ہو یا جنون کا ہو یا کبھی کبھی ایسا دورہ پڑتا ہو کہ کسی کے سنبھالے نہ سنبھلتا ہو۔ یا کسی دیوانے کی طرح اپنا بال نوچتا ہو، کپڑے پھاڑتا ہو اور آئیں شائیں بکتا ہو تو ان تعویذوں کو چاشت کے وقت یعنی قریب دن کے دس گیارہ بجے زعفران سے لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالے اور پانی میں گھول کر پلائیے۔ انشاء اللہ سکون اطمینان ہوگا اور ہر پریشانی دور ہو گی۔ ہر تعویذ دو، دو عدد لکھیے وہ تعویذ یہ

۷۸۶

یابدوح	یابدوح	یابدوح	یابدوح
یابدوح	یابدوح	یابدوح	یابدوح
یابدوح	یابدوح	یابدوح	یابدوح
یابدوح	یابدوح	یابدوح	یابدوح

دوسری تعویذ اگلے صفحہ پر

	۸	
۴	۴	۶
	۲	

یہ ہے نقشِ ملائکہ

جسے پہننے والا کسی آفت یا کسی آسیب کا شکار نہیں ہوتا۔ اُس کے دل میں اللہ اور اُس کے دوستوں کا قرب حاصل کرنے کی ایک لگن سی پیدا ہو جاتی ہے۔ اس کے بگڑے ہوئے دماغ کی اصلاح ہونے لگتی ہے۔ وہ برائیوں سے متنفر اور نیکیوں کی طرف مائل ہونے لگتا ہے۔ اور اس تعویذ کی وجہ سے کوئی بھی بلا جو قریب سے گذرتے ہوئے بھی گھبراتی ہے۔ اس نقش کو زعفران کو عرقِ گلاب میں حل کر کے طلوعِ آفتاب سے پہلے فجر کی نماز ادا کر کے لکھے۔ اور اسی وقت اپنے یا جسے چاہے اس کے گلے میں موم جامہ کر کے پہنا دے۔ نقش ملائکہ یہ ہے۔

۷۸۶

لا	الٰہ	الا	اللہ
الٰہ	الا	اللہ	محمّد
الا	اللہ	محمّد	رسول
اللہ	محمّد	رسول	اللہ

ٹونا، جادو اور نظرِ بد کے لئے

سورۂ فلق اور سورۂ ناس، اعوذ باللہ اور بسم اللہ کے ساتھ ایک سو گیارہ (۱۱۱) بار پڑھیے اور پڑھتے وقت اپنے تصور میں مریض کی صورت کو سامنے رکھیے۔ مریض خواہ جس طرح بھی چیخ و پکار کرے عامل کو اپنے کام میں مشغول رہنا چاہیے اور تصوّر ہی میں مریض پر دم کرتے رہنا چاہیے۔ اور جب ایک سو گیارہ تک پڑھ لے تو پانی پر دم کرے۔ اور اسے مریض کو پلائے۔ اور منہ پر چھینٹا بھی دے۔

نقوش یہ ہیں۔

۷۸۶

۲۱۶۹	۲۱۷۲	۲۱۷۵	۲۱۶۱
۲۱۷۴	۲۱۶۲	۲۱۶۸	۲۱۷۲
۲۱۶۳	۲۱۷۷	۲۱۷۰	۲۱۶۷
۲۱۷۱	۲۱۶۶	۲۱۶۴	۲۱۷۶

۷۸۶

۱۳۲۳	۱۳۲۷	۱۳۳۰	۱۳۱۶
۱۳۲۹	۱۳۱۷	۱۳۲۲	۱۳۲۸
۱۳۱۸	۱۳۲۲	۱۳۲۵	۱۳۲۱
۱۳۲۶	۱۳۲۰	۱۳۱۹	۱۳۳۱

دیوانہ ہوش میں آجائے

اگر کسی نے جادو کر دیا ہے یا آسیبی خلل ہے یا کسی دیو یا پری یا جنات کے قبضے میں ہے یا اس پر جنون یا دیوانے پن کا اثر ہے تو اس عمل سے ضرور فائدہ اٹھایئے۔ مریض کو صحت کلی سے ہمکنار کرنے کے لیے ایک ہی دن پر اکتفا نہ کیجیے۔ کم از کم مندرجہ ذیل عمل تین دن تک ضرور کیجیے۔ ورنہ انجام تک پہنچانے کے لیے ۷، ۱۴، اور ۲۱ دن کی شرط ہے۔ اور اس عمل کے ہر کام سے زیادہ وقت کی پابندی لازمی ہے۔ ورنہ خاطر خواہ فائدہ نہیں ہوتا۔

طریقہ یہ ہے: ایک پیالہ میں تین گھونٹ پانی سامنے رکھ لیجیے اور جب سورج نکلنے لگے اس وقت (چاروں قل)، سورۂ کافرون، سورۂ اخلاص سورہ فلق، سورۂ ناس۔ تین، تین مرتبہ پڑھ کر اس پانی پر دم کر دیجیے۔ اور پھر اس مریض کو تھوڑا سا پلا کر اس کے منہ اور سینے پر مَل دیجیے۔

اسی طرح شام کے وقت جب سورج غروب ہونے لگے، اس عمل کو کیجیے۔ یہاں یہ بات بھی ذہن میں رہے کہ صبح اور شام دونوں وقت کے ساتھ ضروری ہے۔

مُجرّبُ المجرّب عمل

اگر آپ کسی جنّ و پری سے دوستی کے متمنی ہیں تو پنج وقتہ نماز ٹھیک وقت پر ادا کرتے رہیے [illegible]

سے پہلے مسجد میں پہنچنے کی کوشش کیجئے اور جمعہ کی نماز باجماعت ادا کرنے کے لئے پہلی صف میں ہی رہیئے۔

اب اپنے مقصد کی تکمیل کے لئے بروز جمعہ بعد از نماز عشاء کسی ایسی جگہ بیٹھے جہاں لوگوں کا گذر نہ ہو۔ اور نہ لوگوں کی نظر آپ پر پڑے۔ پہلے اکیس ۲۱ مرتبہ درود ابراہیم پڑھیئے۔ پھر سات مرتبہ سورہ جن پڑھیے۔ اس کے بعد اپنی آرزو کو اپنے دماغ میں قائم کیجیے اور اکیس ۲۱ مرتبہ درود ابراہیم پڑھیے۔ انشاء اللہ اسی ہفتہ میں آپ کی تمنا پوری ہو گی۔ مگر ناجائز کاموں کے لئے اس عمل پر دھیان نہ دے ورنہ زبردست نقصان ہو گا جس کی تلافی نہیں ہو سکتی۔

مذکورہ عمل کے بعد اس تعویذ کو لکھ کر اور موم جامہ کر کے اپنے پاس رکھے۔ تعویذ یہ ہے۔

۷۸۶

۲۰۲۱۲	۲۰۲۰۷	۲۰۲۱۴
۲۰۲۱۳	۲۰۲۱۱	۲۰۲۰۹
۲۰۲۰۸	۲۰۲۱۵	۲۰۲۱۰

اس نقش کو تیرہ ۱۳ کا نقش کہتے ہیں۔

مریض کس مرض میں مبتلا ہے

اگر یہ سمجھ میں نہ آتا ہو کہ آسیبی خلل ہے یا مرگی کا عارضہ ہے تو سب

پہلے اصلی ہینگ سنگھاوے۔ اگر اس عمل سے کچھ فائدہ نظر نہ آئے تو اس کے دائیں کان میں اذان اور بائیں کان میں اقامت کہیئے۔

اگر اس عمل سے بھی کچھ فرق نظر نہ آئے تو ایک مرتبہ سورۂ فاتحہ، ایک مرتبہ آیت الکرسی اور سورۂ جن کی ابتدائی پانچ آیتیں پڑھ کر پانی پر دم کیجیئے پھر اس میں سے تھوڑا سا پانی لے اس کے منہ پر چھینٹا ماریئے اس کے بعد بچے ہوئے پانی پر یہ دعا پڑھ کر دم کر دیجیئے۔ دم اس طرح ہو کہ پہلے مریض پھر پانی پر دم کیجیئے۔

دم کرتے وقت سانس بندھی رہے ٹوٹنے نہ پائے۔ اور اس پانی کو پلا کر بے فکر ہو جایئے۔ انشاءاللہ تمام آسیبی خلل دور ہو گا۔ اور پھر کبھی یہ عارضہ لاحق نہ ہو گا۔ دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ٥ الٓمٓصٓ طٰهٰ طٰسٓ طٰسٓمٓ كٓهٰيٰعٓصٓ يٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ حٰمٓ عٓسٓقٓ قٓ نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ

ہر بلا اور ہر وبا کے لئے

دیو، پری اور جن و شیاطین سے اللہ کی پناہ میں رہنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش اور دعا کا ضرور سہارا لیجیئے۔

جس کے بھی گلے میں یہ دعا اور نقش تعویذ کی شکل میں حمائل ہو گا۔ انشاءاللہ ہر آفت و بلا سے اللہ کی حفاظت میں رہے گا۔ وہ کسی بھی آسیب

کا شکار نہ ہوگا۔ لیکن شیر خوار بچوں کو چھوڑ کر بالغوں کے لئے ہمہ وقت جسم ولباس کی پاکیزگی لازمی ہے۔ دعا اور نقش یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط یَا دَلِیْلَ الْمُتَحَیِّرِیْنَ یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ یَا مُجِیْبَ الدَّعْوَاتِ الْمُضْطَرِّیْنَ یَا اِلٰہَ الْعٰلَمِیْنَ بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ o

۷۸۶

۳۶۷۱	۳۶۷۴	۳۶۷۷	۳۶۶۴
۳۶۷۶	۳۶۶۵	۳۶۷۰	۳۶۷۵
۳۶۶۶	۳۶۷۹	۳۶۷۲	۳۶۶۹
۳۶۷۳	۳۶۶۸	۳۶۶۷	۳۶۷۸

اس نقش کو چوکھٹے کا نقش کہتے ہیں۔

اگر قوتِ مردانگی چاہیئے

تو اِس سورۃ اور اِس نقش کو نہ بھولئے۔ اگر کسی کو سحر کے ذریعے بے بس کر دیا گیا ہو۔ اگر کسی کو جادو یا منتر کے ذریعے ناکارہ بنا دیا گیا ہو۔ اگر کسی کو کوئی چیز کھلا پلا کر نامردی سے دوچار کر دیا گیا ہو۔ اگر کسی پر ایسا جادو کر دیا گیا ہو کہ وہ اپنے ہی ہاتھوں سے ہر وقت اپنا گلا گھونٹنے پر آمادہ ہوتا ہو تو مایوسی اور فکر کو دور رکھ کر صرف تین دنوں

تک سورۂ ابراہیمؑ معہ اوّل و آخر درود شریف پڑھ کر ایک پیالہ پانی پر دَم کیجئے اور پی جائیے۔

پیتے وقت اور مندرجہ ذیل تعویذ کو اپنے گلے میں حمائل کرتے وقت اپنی کمزوریوں کا ضرور خیال کیجئے۔ انشاءاللہ مشکل آسان ہو گی۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۶۱۴۵۴	۶۱۴۵۷	۶۱۴۶۰	۶۱۴۴۷
۶۱۴۵۹	۶۱۴۴۸	۶۱۴۵۳	۶۱۴۵۸
۶۱۴۴۹	۶۱۴۶۲	۶۱۴۵۵	۶۱۴۵۲
۶۱۴۵۶	۶۱۴۵۱	۶۱۴۵۰	۶۱۴۶۱

اس نقش کو آٹھ۸ کا نقش کہتے ہیں۔

ہر بَلا سے بچنے کے لئے

آنے والی بَلا دور ہی سے لَوٹ جائے گی، کوئی وبا قریب سے گزرتے ہوئے ڈرے گی۔ خطرناک سے خطرناک دیو، جن، پَری اور موذی جانور بھی نظر اٹھا کر دیکھ نہیں سکتے۔ ایذا پہنچانا تو درکنار۔

بشرطیکہ اگر آپ ہمیشہ پاک و صاف رہیں اور مندرجہ ذیل تینوں نقش زعفران سے لکھ کر اپنے گلے میں حمائل کر لیں یا اپنے داہنے بازو پر باندھ لیں۔

نوٹ: نقش لکھتے وقت قبلہ رُو بیٹھیں اور پاک جگہ پر اگربتی بھی سُلگا کر رکھنا چاہیئے۔ تینوں نقش ایک کاغذ پر لکھیں اور اچھی طرح موم جامہ کر لیں۔

تینوں نقش یہ ہیں۔

۷۸۶

۳۰۳	۲۰۲	۲۹۹	۲۷۶
وو ۲	لے ۲۷	۱۲۰۶	۲۰۷
و۷ ۲	۲۹۱	۱۲و ۴	۱ ، ۲
۲۰۵	و ۲	۲۷۹	۲۹

۷۸۶

و	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۱
۱۰	لہ	عو	۱۹۱
لہ	۴۱	۵	۶

۷۸۶

یالطیف الخبیر	یالطیف الخبیر

جادُو ہو یا مُوٹھ یا بھوت، چڑیل کا اثر

مریض کو نہلا کر صاف ستھرا کپڑا پہنا کر پاک جگہ پر بٹھائے۔ اور لوبان کی دھونی دے۔ بعدازاں یہ نقش اُس کے گلے میں حمائل کرے اور ۷ دِنوں تک ہر روز ایک ایک تعویذ پانی میں گھول کر پلائے انشاءاللہ مذکورہ بالا تمام اثرات ختم ہوجائیں گے۔

تعویذ زعفران سے لکھا جائے۔ گلے میں جو تعویذ پہنایا جائے اُسے اچھی طرح موم جامہ کیا جائے۔

۷۸۶

یَا اَللہُ	۱۹۲۳	۱۹۳۶	۱۹۲۹	۱۹۱۶
یَا رَحْمٰنُ	۱۹۲۸	۱۹۱۷	۱۹۲۲	۱۹۲۷
یَا رَحِیْمُ	۱۹۱۸	۱۹۳۱	۱۹۲۴	۱۹۲۱
یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ	۱۹۲۵	۱۹۳۰	۱۹۱۹	۱۹۳۰

گھبراہٹ، ہَول دل اور پَریشانی

اگر کوئی پریشان کُن خیالات میں ہمہ وقت کھویا کھویا سا رہتا ہو یا کسی ایسے نہ سمجھ میں آنے والے خوف سے سہما سہما رہتا ہو یا کسی شک میں مبتلا ہو کر اپنی زندگی کو اجیرن بنا رہا ہو، اس کے لیے مندرجہ ذیل نقش کافی و شافی ہے۔ طریقہ یہ ہے کہ بعد نمازِ عصر قبلہ رو بیٹھ کر اس تعویذ کو لکھ کر موم جامہ کر کے ایک مریض کے گلے میں پہنائیے اور اکیس ۲۱ تعویذ اکیس ۲۱ دنوں تک پانی میں گھول کر پلائیے۔ تعویذ یہ ہے۔

۷۸۶

میکائیلؑ — جبرائیلؑ

۱۶	۱۹	۲۳	۹
۲۱	۱۵	۱۸	۲۵
۱۱	۱۴	۱۷	۱۴
۱۰	۱۳	۱۲	۲۳

اسرافیل علیہ السلام

عزرائیلؑ

آخر محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اگر کسی جگہ شیطانوں کا قبضہ ہو

کیسا بھی خطرناک دیو، جن یا کوئی آسیب ہو۔ انشاء اللہ اس دعا کے اثر سے اس طرح دور، دفع ہوں گے جیسے کبھی ان کا یہاں بسیرا ہی نہیں تھا۔ اس دعا کو لکھ کر اگر گھر کی چاروں دیواروں یا جتنی بھی دیواریں ہوں فریم کر کے لٹکا دیا جائے تو اللہ کی بے حساب رحمتوں اور برکتوں کا نزول ہو۔ دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

مَاشَآءَ اللّٰهُ كَانَ وَمَا لَمْ يَشَآءْ لَمْ يَكُنْ وَ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ؕ فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ؕ يَابُدُّوْحُ يَاحَيُّ يَاقَيُّوْمُ۔

لِيْ خَمْسَةٌ اُطْفِيْ بِهَا حَرَّ الْوَبَآءِ الْحَاطِمَةِ اَلْمُصْطَفٰى وَالْمُرْتَضٰى وَابْنَاهُمَا وَالْفَاطِمَةُ

کسی آسیب کا گذر نہ ہوگا

اگر بعد از نماز فجر طلوع آفتاب سے پیشتر، عرق گلاب میں زعفران حل کر کے مندرجہ تعویذوں کو لکھا جائے اور لوبان یا اگر بتی کی دھونی دے کر جس گھر، دوکان، کارخانہ وغیرہ جہاں بھی دیو، جن، پری یا کسی آسیب

کا دخل ہو۔ دروازہ کے اوپر کی سمت بیچوں بیچ ان تعویذوں کا ایک ساتھ فریم کرا کے لٹکا دیا جائے۔ انشاءاللہ! سوائے پاک روحوں کے ناپاک ارواح کا گذر نہ ہوگا۔ اور اس جگہ کے لوگوں کو ہر طرح کا سکون ملے گا۔ ان دو تعویذوں کے نقوش یہ ہیں۔

بحق جبرائیل — بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ — بحق میکائیل

ش ف	ا ع	ل ہ
ال	د ہ	اف
ک ہ	ال	ط ا

وَرَحْمَۃٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ وَلَا یَزِیْدُ الظّٰلِمِیْنَ اِلَّا خَسَارًا

بِسْمِ اللّٰہِ

بحق اِیَّاکَ

الرحمٰن عسی محمد مصطفٰی

نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْن

یا سلیمان

ایک ایسا عمل جو خوشحال بنادے

صرف سات دنوں کی ریاضت زندگی بھر کے لئے کام آئے گی بشرطیکہ دورِ خوشحالی کو ایمانداری اور پرہیزگاری میں گذارے، ورنہ بد سے بدتر حالت ہو جائے گی۔ عامل کے لئے ضروری ہے کہ روح اور جسم و لباس کو پاک و صاف رکھنے کی حتی الامکان کوشش کرے اور پے درپے سات دنوں تک روزہ رکھے اور جب عشاء کی نماز پڑھ لے تو اسی جگہ اس دعا کو ایک ہزار ایک مرتبہ، اول و آخر گیارہ، گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھے۔ پھر اسی طرح ایک ہزار ایک مرتبہ یَاحَیُّ اور ایک سو پچاس (۱۵۰) مرتبہ یَاقَیُّوْمُ پڑھا کرے۔

جب سات دن پورے ہو جائیں گے تو ایک جن نمودار ہوگا اور دورِ حاضرہ کی ضرورت کے مطابق اچھی خاصی رقم دے کر چلا جائے گا۔ اور اس کا یہ عمل قائم و دائم رہے گا۔ انشاء اللہ!

مگر ہر روز اس عطیۂ ربّانی کو اپنے لئے اچھے کاموں پر خرچ کرتا رہے۔ بچا کر ایک پائی نہ رکھے۔

دُعا یہ ہے۔

وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَا
اِلَّا هُوَ ط وَيَعْلَمُ مَا فِى الْبَرِّ وَالْبَحْرِ
وَمَا تَسْقُطُ مِنْ وَّرَقَةٍ اِلَّا يَعْلَمُهَا
وَلَا حَبَّةٍ فِى ظُلُمَاتِ الْاَرْضِ وَلَا رَطْبٍ

Presented By: https://jafrilibrary.com/

وَلَا يَابِسٍ اِلَّا فِیْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ۝

آسیبی خلل کو اس طرح مٹایئے

سُرخ رنگ کا دھاگہ (۱۱) تار مریض کے قد کے برابر (پیشانی سے پیر کے انگوٹھے تک) لے کر اس دُعا کو پڑھ کر گرہ لگائے۔ پھر اس دُعا کو پڑھ کر ڈو گرہ اور لگائے۔ دُعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُ فِیْ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِيْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ ۝

پھر مغرب کی نماز کے فوراً بعد تھوڑی سی جگہ صاف کرکے مریض کو وہاں بٹھلائے اور یہ حصار پڑھ کر اس پر دم کرے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍ بِاَمْرِهٖ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

ہر کس کہ در وجود کہ در اندام و آنچہ در شکم و آنچہ در گوش و بینی و چشم فلاں بن فلاں ـ فلاں بنت فلاں ـ سایہ سخت شدہ

(مریض کا نام ماں کا نام) (مریضہ کا نام معہ نام والدہ)

Presented By: https://jafrilibrary.com/

است یا یا بنظر سخت شدہ است آمدہ زود بسوزد بسوزد بحق سلیمان بن داوٗد علیہما السلام وبحقِ اَھْیًا اَشْرَاھِیًا وَبِحَقِ عَلِیْقًا مَلِیْقًا تَلِیْقًا اَنْتَ تَعْلَمُ فِیْ قُلُوْبِھِمْ وَ بِحَقِّ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَبِحَقِ یَا مُؤْمِنُ یَا مُھَیْمِنُ۔

اس کے بعد فتیلہ (پلیتہ)، تل کے تیل میں روشن کرے اور مریض غور سے اس روشنی کو دیکھتا رہے۔ انشاء اللہ! جو بھی آسیب ہوگا حاضر ہو کر اس پلیتے کا شکار ہو جائے گا۔